Nawab Bugti who had been in Britain since his Moscow visit last March, will go to Quetta to be among his tribesmen who have taken up the cudgels against the Baluchistan Government of the NAP.

Meanwhile, the in-laws of Salim Bugti said he has put off his visit to Karachi following Governor Bizenjo's warning that he will not be allowed to come to Karachi with his "armed lashkar".

A.-energy farm centre for Peshawar

PESHAWAR, Dec. 14: An atomic energy agricultural research centre will be set up in Peshawar at the Tarnab farm for the peaceful application of atomic energy, to revolutionise farm output and to protect fruits and crops from insects and pests.

WOMEN DEMONSTRATE IN LAHORE

Lahore, Dec. 14

A women's procession, mostly comprising students of the Islamia College for Women, was taken out on Thursday morning to protest against firing on students and lawyers.

The procession started from Islamia College at 12-30 p.m. went past the Assembly Chambers and made its way on The Mall towards the High Court where it terminated peacefully.

Begum Tahira Masood, Convener, Women's Section of Tehrik-i-Istiqlal, who walked barefooted, and Miss Asma Jilani, led the procession. The girls were carrying banners and placards which read "Stop Goondaism", "Stop Arrests in Sind and the Punjab", "Atta Costly, Bullets Cheap." No slogans were shouted on the way.

England wins over India in Test match

NEW DELHI - Dec. 23

England captain Tony Lewis guided his team to victory over India in the first Test at the Kotla ground here Monday.

Lewis, making his test debut, was 70 not out when England won by six wickets five minutes after lunch on the fifth and final day. It was the first England test victory in India in 20 years and the first time England had won in New Delhi.

PLANS ARE UNDERWAY FOR A PAKSITAN STUDIES PROGRAM FOR AMERICAN STUDENTS DURINC SUMMER 1973. THE PROGRAM WILL CONSIST OF LECTURES ON ALL ASPECTS OF PAKISTAN. THE TOTAL COST FOR FIVE WEEKS TRIP TO PAKISTAN ICLUDING ROUND TRIP ECONOMY JET FARE FROM NEW YORK TO KARACHI, BOARDING AND LODGING IN PAKISTAN, INLAND TRAVEL, AND MEDICAL INSURANCE WILL BE ABOUT U.S.$1100.00.

PERSONS INTERESTED IN THIS PROGRAM MAY CONTACT DR.A.HAYDAR, BOX:14, STATE UNIVERSITY, ARKANSAS 72467 U.S.A.

Money makes money. Does yours?

It can, you know. Sure, your money seems to go out as fast as it comes in. But part of what you earn can be earning dollars for you. And the Man from Investors can show you how it's done. He has figures that show how thousands of Canadians, just like you, are successfully investing their money for future profit with Investors - the largest company of its kind in Canada. And he'll help you to select the Investors plan best suited to your personal financial situation. What better time than now to start your money making money! Call the Man from Investors today!

LATEEF OWAISI

Ste. 360 - 10 Wynford Heights Crescent
Don Mills, Ontario
Business: 449-0600

Investors Syndicate Limited

Badshah returns to Peshawar through the Khyber

PESHAWAR - Dec. 23

Breaking an eight-year self-exile, Badshah Khan Abdul Ghaffour Khan, 82, the symbol of nationhood for millions of Pathan tribesmen, rolled across the border near here yesterday sitting in a gold-upholstered armchair mounted on a truck.

His procession wound for more than four hours through the Khyber Pass and turned into the biggest traffic jam in the pass since the Emperor Nadir Shah used elephants to carry the Peacock Throne and other loot from Delhi into Persia two centuries ago.

At a public rally in this Northwest Frontier provincial capital, Ghaffour Khan, known widely as Badshah, said he planned to launch a non-violent movement and what he described as a peace corps in Pakistan, India, Afghanistan and Iran.

He said also he would support Pakistani President Zulfikar Ali Bhutto "even if everyone else did not." But he told his audience, most of whom waited hours for the rally, that if his people did not cooperate with him he would return to exile in Afghanistan.

Thousands of trucks, buses and private cars carrying tribesmen seeking a glimpse of the old man choked the 21-mile, often precipitous pass. One overloaded bus slipped off the side of the road down a modest 10-foot embankment, spilling dozens of tribesmen who had piled on the top. Authorities said six were killed.

Pathan students shouted "Pakhtoonistan Zindabad"—meaning "Long live Pakhtoonistan"—a slogan that to many Pakistanis is the battle slogan of tribal separation. Many in the country bitterly oppose Ghaffour Khan because he sided in 1947 with Mohandas Gandhi in an effort to prevent the eventual partition of India. Pakistan grew out of that partition.

The old man was expected to revive his old social and political organization, the Khudai Khidmatgar (the Servants of God), and many of his former colleages showed up to greet him in their red tunics and trousers. Those with white beards like Badshah himself looked something like Moslem Santa Clauses.

Ghaffour Khan denied that he had opposed the creation of Pakistan as a state for Moslems in the subcontinent. He said he had opposed those who were exploiting the names of Pakistan and of Islam to bring themselves to power.

The old man, who stands more than 6 foot 4, showed a great deal of vigor after the long day. He bawled out his people for 'selling their conscience for petty amounts." As an example, he said, Pathans have not been able to unite in the 63 years he had been working among them.

LISTEN TO OUR RADIO PROGRAM "SADA-e-PAKISTAN" EVERY SUNDAY ON CHIN-FM 101 AT 8 to 8.30 P.M.

ANAR KALI GENERAL STORE

FOR ★ ★ Halal Meat ; Spices ; Rice etc

AT 864 College St., Toronto

Phone: 536-6606

Dogs let loose on POWs

Civilians' plight awful

Over 200 Pakistani officers were kept in three small barracks without any basic amenities including water and electricity from May to July in Indian POW camp No. 99, writes APP.

This was disclosed in Lahore on Thursday by Wing Commander Amjad Hussain who was repatriated to Pakistan. Talking to newsmen at the local PAF Mess, he described the camp as the "Allahabad Blackhole". He said that the officers had to even sleep inside with no windows and no ventilators.

He said that after three months they were removed to another location where there were four barracks. Basic amenities were however, provided.

He also belied Indian propaganda that POWs were allowed to get together on the occasion of Eid. India paid only lip service to Geneva Conventions, he added.

He, however, said that morale of all Pakistani POWs was very high and they strongly felt that Pakistan should not lose an inch of ground on their account. "They are prepared to stay as hostages as long as India wants to keep them," he added.

Food and allowance

Replying to a question, he said that India claimed that it gave standard army jawan food to Pakistani POWs while the fact was far from that. "We received meat only three times in a whole week," he said.

He said that the supplies never tallied with the claimed weight. A pack of sugar, which was claimed to be 20 kg. did not weigh more than 10 to 12 kg. He said that the result was that the officers had to spend from their allowances to have a reasonable diet. The officers of the rank of Major and above were paid Rs. 110 per month in addition to the ration and officers of Captain's rank received only Rs. 92 per month.

He said that the plight of civilians and their families was awful and sometimes Army officers collected funds to supplement the needs of the civilians.

He said that the officers had to purchase their needs including hosiery and cigarettes from their allowances. He said that prices in India were extremely high and over and above the contractors made the maximum profits and a medicine with a price tag of Rs. 6 was sold at Rs. 12.

Replying to a question, he said that he was not physically tortured but he was threatened with physical torture during investigations. Following an escape attempt, they were locked up for three weeks and they could not see the sun during these days.

He said that after an escape attempt from the camp, the officers were made to stand on their feet for full 24 hours without food.

He said that he had baled out on December 5 near Amritsar when his aircraft was hit by ground fire. He was captured by Indian militia and sent to New Delhi the next evening. He spent two months with the Indian Air Force. On February 5 last, he was transferred to camp No. 99, the location of which was changed several times.

Another PAF returnee, Flt.-Lt. Wajid Ali said that the attitude of the Indians towards Pakistani officers was humiliating which did not behove a self-respecting nation.

He said that he was captured in the Akhnoor sector where he had baled out after his aircraft was hit by ground fire. He said that he was blindfolded and his hands were tied at his back and he remained in this state till he reached New Delhi the next evening. His eyes were not unfolded even during the night. He said that at Delhi he was kept in solitary confinement till he was removed to Allahabad on February 5.

The two officers said that the International Red Cross people visited them only twice. Once when an escape attempt was made and the second time when Indians opened fire on certain POWs who tried to escape. No Indian Red Cross personnel ever visited them, they added.

PPI adds:

Flt.-Lt. Wajid said that military dogs were let loose on them to punish them for their alleged attempt to escape. He said that they were not given any medical treatment in the form of anti-biotic or vaccine.

Wing Commander Amjad said that the civilians were paid Rs. 50 for "oil and soap" which was not sufficient for them to meet their requirements.

He said that women of civilian officers did not have proper clothes to wear.

Indians looting Bangladesh, says Bhashani

PARIS, Nov. 25: Maulana Bhashani has charged that Indian profiteers and exploiters are looting the riches of Bangladesh and bringing on famine, in an interview published here yesterday in the evening newspaper 'Le Monde'.

Maulana Bhashani was quoted as saying that contraband traffic was developing on a vast scale between India and Bangladesh "as well as black market operations and corruption within the country."

He said that if the discontent provoked by the situation continued, it would bring about "inevitably the fall of the current Government".

But Maulana Bhashani's most vitriolic remarks were directed at the Indians who, he said, were involved in "the pillage of our riches, which has brought about the beginnings of famine in our country"

He attacked the Bangladesh Government for not heeding the advice to renounce its treaty with India and to break off all relations with Indian profiteers and punish them severely.

He called in the interview for a coalition Government to be formed to facilitate famine in Bangladesh and for a national conference "to work out as quickly as possible a new constitution and plans for the forthcoming elections".

Maulana Bhashani said he hoped the day would not be far off when China would recognise Bangladesh. He also expressed the hope that the people of both Bengals would unite to form an independent and sovereign state free from Indian subjugation.

Maulana Bhashani said: "We want Socialism with God and not athiestic Socialism. But we accept the main body of Marxist economic principles."

Victims to be compensated

QUETTA, Dec. 7: The Government of Baluchistan has decided to give aid to all those affected by the recent disturbances in the Pat Feeder area.

This was announced by the Provincial Board of Revenue, says a Press note issued here today.

Pak-Italy credit rescheduling pact signed

RAWALPINDI, Dec. 7: The Government of Pakistan and the Government of Italy signed an agreement in Rome yesterday for rescheduling of Italian credit to Pakistan, according to a message received here today.

The agreement will give Pakistan relief on payment of principal and interest of Italian credit which will now take place over an extended period.

The agreement was signed in pursuance of the decision taken at the meeting of Aid-to-Pakistan Consortium which met in May this year.

B.D. TRIALS

Life sentence for ex-Minister

RAWALPINDI, Nov. 25: Mr. Jasimuddin Ahmed, a former Minister in Dr. A. M. Malik's cabinet in East Pakistan, has been sentenced to transportation for life, according to information received here today from Dacca.

IAEA team on visit to Pakistan

ISLAMABAD, Dec. 7: A three-man mission of the International Atomic Energy Agency is in Pakistan on a fortnight's visit of the agriculture and food research units of the Pakistan Atomic Energy Commission.

The mission has visited the Agricultural College, Tando Jam, and is currently visiting Lyallpur.

It will later visit Lahore and Tarnab, near Peshawar.

The mission will hold discussions with the Chairman of the Pakistan Atomic Energy Commission, Mr. Munir Ahmed Khan, on December 14 and 15 in connection with providing technical and other assistance to Pakistan for the Atomic Energy Commission programme to apply latest atomic research to increase agricultural production.

Mubashir meets Egyptian Ministers

RAWALPINDI, Dec. 7: Dr. Mubashir Hasan, Finance Minister, currently on a private visit to Egypt, called on three Egyptian Ministers, namely Mr. Abdul Aziz Hejazi of Finance, Syed Gaballa of Planning and Mr. Marziban of Development.

According to a report received here today, later Dr. Mubashir Hasan said he found the Egyptian Ministers very keen on further promoting relations with Pakistan and forging cooperation between the two countries in many fields.

50 POWs IN DACCA JAILS

RAWALPINDI, Nov. 25: There are 50 Pakistani prisoners of war lodged in jails in Dacca according to a spokesman of the Foreign Office. He said that this information had been supplied to them by the International Committee of Red Cross.

The Government of Pakistan was now ascertaining whether these prisoners were being maintained in accordance with the terms of the Geneva Convention, he said.

Dry port at Peshawar likely

NOVEMBER 25: President Bhutto has ordered an immediate study of the proposal for the creation of a dry port at Peshawar, an authentic source told 'The Pakistan Times' here today.

The report on the subject is required to deal with all pros and cons of the proposal and if found feasible, will be implemented within three months.

The dry ports, if established, would be second in the country—first having been sanctioned for Lahore.

CHINA TO USE VETO AGAIN

NEW YORK, Nov. 25: The leader of Pakistan's delegation to the United Nations General Assembly, Raja Tridiv Roy, told a big gathering of Pakistani residents and students on Thursday that Bangladesh will not be able to gain U.N. membership so long as she [illegible] agree to implement [illegible] resolutions on the last December's war in the Sub-continent.

He said the question of admission to the UN could only be decided by the Security Council. China, he said had categorically declared she would not hesitate to use the veto again if Bangladesh failed to qualify for the U.N. membership.

GENEVA CONVENTION

Signatories must ensure observance

RAWALPINDI, Nov. 25: A spokesman of the Foreign Office tonight appealed to the signatories of Geneva Convention of 1949 to become active to ensure the observance of the convention by India.

The Pakistani prisoners of war must be treated in accordance with the terms of the Geneva Convention and their repatriation should be arranged without delay because repatriation hinged on "cessation of hostilities" and nothing else, he added.

He said that Pakistan had invited the attention of various Governments from time to time to the constant [illegible] of Geneva Convention with regard to the treatment of prisoners held by India. The fact of maltreatment had been established beyond doubt by a report of the delegates of the International Committee of Red Cross with regard to the firing on October 13 in a prisoner of war camp in Allahabad. The report of the incident in Military Hospital in Agra in which an officer of the army was killed had also been received. These reports confirmed, if any confirmation was needed, that the Pakistani POWs were not being treated according to the Geneva Con.

Altaf Gauhar released

KARACHI, Dec. 7: Mr. Altaf Gauhar, Editor-in-Chief, "Dawn" group of newspapers and former Central Information Secretary, who was arrested on February 6 under the Defence of Pakistan Rules, was this morning released from the Karachi Central Jail after a Division Bench of the Sind-Baluchistan High Court accepted a writ petition filed by his wife.

Capitalists no more to thrive at workers cost

ABBOTTABAD, Nov. 25: The President has assured workers, peasants and students, gathered at Company Bagh to listen to him, that whatever wealth is produced through their hard work will be utilised for their well-being. Capitalists will not be allowed to usurp all as they did in the past, he said.

Kazi Imports

ORIENTAL & ISLAMIC
JEWELRY, HANDICRAFTS & DRESSES
****

CHRISTMAS GIFTS; PAKSIATNI
FLAGS, CAR DECALS, COLLAR PINS.

★ PAKISTANI RECORDS,
CIGARETTES AND BIDIS. ★ WE
SEND ORDERS BY MAIL ALL OVER
U.S.A. AND CANADA.

****

1647 N.Wells St.
Chicago Ill.60614
(312) 944-8686

ملی جلی معیشت، سب کیلئے خوراک، رہائش اور روزگار کی فراہمی، حکومت و عوام میں بہتر تعلقات

صدر بھٹو نے حکومت کیلئے رہنما اصول متعین کر دیئے

اعلیٰ سطح کے چار روزہ اجلاس میں تمام وزارتوں کی سال بھر کی کارگذاری کا بے لاگ جائزہ لیا گیا

ہدایات کو عملی شکل دینے کے بعد عوام کو تفصیلات بتائی جائینگی

مربوط ترقی میں چاروں صوبوں کو مناسب نمائندگی ملے گی!

راولپنڈی ۱۷ دسمبر (اے پی پی) صدر بھٹو نے اپنی حکومت کے لئے رہنما اصول متعین کر دیئے ہیں جن کی بنیاد پر حکومت اقتصادی و سماجی مسائل کے حل کے لئے اقدامات کرے گی۔ چار روزہ اعلیٰ سطحی اجلاس کے اختتام پر آج یہاں ایک سرکاری ترجمان نے بتایا کہ اس اجلاس میں گذشتہ ایک سال کے دوران مختلف وزارتوں کی کارگزاری کا جائزہ لیا گیا جس کے نتیجے میں صدر کی ہدایات کی روشنی میں ان اصولوں کا تعین ہوا۔ اب ان ہدایات کو عملی شکل دینے کے بعد عوام کو تفصیلات سے آگاہ کیا جائے گا۔ یہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں جو تقریباً ۳۰ گھنٹے سے زیادہ دیر تک جاری رہا اور جس کی صدارت صدر بھٹو نے کی نائب صدر، مرکزی وزراء، گورنر سندھ اور متعدد صوبائی وزراء نے شرکت کی۔ یہ اجلاس دراصل صرف ۲ دن جاری رہنے والا تھا لیکن صورت حال کے پیش نظر اس میں توسیع کی ضرورت محسوس کی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ یہ طریقہ کار کامیاب ثابت ہوا اور مستقبل میں جب بھی اس کی ضرورت محسوس کی گئی ایسے اجلاس منعقد کئے جاتے رہیں گے۔ [illegible]

[illegible]

بنگلہ دیش تسلیم کرنے کا فیصلہ بازاروں میں نہیں قومی اسمبلی میں ہوگا

بعض عناصر بیرونی طاقت سے سرمایہ لے کر گڑ بڑ پھیلا رہے ہیں: خان قیوم

[illegible]

ممتاز بھٹو، کھر، مبشر اور معراج خالد نے دستوری کمیٹی سے استعفیٰ دیدیا

اسلام آباد ۱۷ دسمبر (اے پ پ) وزیر خزانہ ڈاکٹر مبشر حسن، گورنر پنجاب غلام مصطفیٰ کھر، وزیر اعلیٰ ملک معراج خالد اور وزیر اعلیٰ سندھ ممتاز بھٹو اپنی عدیم الفرصتی کے سبب قومی اسمبلی کی آئین ساز کمیٹی کی رکنیت سے مستعفی ہو گئے ہیں اور قومی اسمبلی کے صدر ذوالفقار علی بھٹو نے ان کی جگہ ارکان قومی اسمبلی چودھری برکت اللہ، ملک محمد جعفر، چودھری جہانگیر علی [illegible]

مشرق وسطیٰ کا منصفانہ فیصلہ کیا جائے

[illegible]

میں مستعفی نہیں دوں گا۔ نواز بگٹی

[illegible]

لاٹھی چارج کا زخمی اسپتال میں چل بسا

[illegible]

پاکستان میں صالح قیادت کے بغیر قوم اپنی منزل پر نہیں پہنچ سکتی

حکمران گزشتہ ۲۰ برس سے عوام کی خواہش کے خلاف کام کر رہے ہیں، لندن میں ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی کا خطاب

[illegible]

ایک روپیہ کے نئے نوٹ

[illegible]

میں نے بلوچستان کابینہ میں شمولیت کی پیشکش مسترد کر دی تھی

[illegible]

پاکستان کی تازہ سبزیاں



حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ادرک

لہسن

کدو

پاکستانی باسمتی چاول

دال ماش اور مونگ، ثابت مسور اور کابلی چنا

دال چنا، ماش، مونگ، مسور

مرچ، ہلدی

آٹا بوری

کیلے

AFRO-ASIAN
918 PAPE AVE, TORONTO.
call at 463-1287.

ڈھاکہ میں ابھی ۵۰ پاکستانی جنگی قیدی موجود ہیں

جنیوا کنونشن کے مطابق جنگ ختم ہوتے ہی جنگی قیدیوں کی واپسی ہونی چاہیئے، دفتر خارجہ کا ترجمان

راولپنڈی ۵ا دسمبر (اے پ پ) ابھی تک بنگلہ دیش میں اس وقت پچاس پاکستانی جنگی قیدی موجود ہیں ان قیدیوں کو ڈھاکہ کی جیلوں میں رکھا گیا ہے آج دفتر خارجہ کے ترجمان نے ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی کی فراہم کردہ تازہ ترین اطلاعات کی روشنی میں اس کا انکشاف کیا۔ ترجمان نے مزید کہا کہ حکومت پاکستان اس بات کا پتہ چلانے کی کوشش کر رہی ہے کہ آیا ان قیدیوں کے ساتھ جنیوا کنونشن کے اصولوں کے مطابق سلوک کیا جا رہا ہے یا نہیں۔ ترجمان نے کہا سلامتی کونسل کی قرارداد اور جنیوا کنونشن دونوں کی پابندی کرتے ہوئے بھارت کے لئے لازمی ہے کہ وہ تمام پاکستانی جنگی قیدیوں کو وطن واپس جانے کی اجازت دے ترجمان نے کہا جنیوا کنونشن کے مطابق جنگ ختم ہوتے ہی جنگی قیدیوں کی واپسی ہونی چاہیئے ترجمان نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ وہ بھارت کو جنیوا کنونشن کی پابندی کرتے ہوئے جنگی قیدیوں کی واپسی کے لئے مجبور کرے۔

ترجمان نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ وہ بھارت کو جنیوا کنونشن کی پابندی کرنے اور پاکستانی جنگی قیدیوں کو رہا کرنے پر مجبور کرے۔ ترجمان نے کہا ۱۳ اکتوبر کو الہ آباد کے کیمپ ۵ میں فائرنگ کے واقعہ کے سلسلہ میں ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی کے مندوبین کی رپورٹ سے یہ واضح ہو گیا ہے کہ جنگی قیدیوں کو انتہائی بیدردی سے قتل کیا گیا تھا۔ ترجمان نے کہا کہ ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی کا یہ بیان اور دوسری ملنے والی اطلاعات سے صاف طور پر ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے ساتھ جنیوا کنونشن کے مطابق سلوک نہیں کیا جا رہا ہے۔ ترجمان نے یہ بھی کہا کہ بھارت کی یہ ذرائع کوشش بھی دراصل قیدیوں کے ساتھ بھارتی حکام کی بدسلوکی کا نتیجہ ہیں۔

بنگلہ دیش کے سوال پر ریفرنڈم کرایا جائے

میاں قصوری

راولپنڈی، ۱۴ دسمبر (پ پ ا) میاں محمود علی قصوری کن قومی اسمبلی و سابق وزیر قانون نے آج یہاں اس تجویز کا اعادہ کیا ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے سوال پر ملک میں استصواب رائے عامہ کرایا جائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ دستور کی دفعہ ۴۸ کے تحت ریفرنڈم کرانے کی گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ریفرنڈم میں عوام جو فیصلہ دیں حکومت پر اس فیصلے کا احترام فرض ہوگا۔ انہوں نے لاہور اور راولپنڈی میں طلباء پر پولیس کے لاٹھی چارج کی بھی مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کی بعض پالیسیوں کے خلاف مظاہرے اور احتجاج طلباء کا پیدائشی حق ہے طلباء حکومت کے بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے منصوبے کے خلاف بھی احتجاج کرنے کا پورا پورا حق رکھتے ہیں۔

لاہور کے وکلاء نے عدالتوں کا بائیکاٹ ختم کر دیا

وکلاء کی تحریک جاری رہے گی ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کا اعلان

لاہور ۱۴ دسمبر (اے پ پ) لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور لاہور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نے کل سے عدالتوں کا بائیکاٹ ختم کرنے اور اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں سنبھال لینے کا فیصلہ کیا اس کا اعلان ایسوسی ایشنوں کی طرف سے کیا گیا ہے۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے اور تشدد اور غنڈہ گردی کو ختم کرنے سے متعلق وکلاء کی تحریک جاری رہے گی۔

جنیفر قاضی موسیٰ آئین کمیٹی کی رکن بن گئیں

اسلام آباد ۱۵ دسمبر (اے پ پ) قومی اسمبلی کے صدر نے مسز جنیفر قاضی موسیٰ کو میر غوث بخش بزنجو کی جگہ آئینی کمیٹی کا ممبر نامزد کیا ہے۔ مسٹر بزنجو نے کمیٹی کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا تھا۔



اس نقشہ میں جموں و کشمیر میں جنگ بندی لائن اور منظور شدہ کنٹرول لائن کا فرق واضح کیا گیا ہے۔ بھارت نے دسمبر ۱۹۷۱ء کی جنگ کے نتیجے میں ۴۸۰ مربع میل کے علاقہ پر قبضہ کا دعویٰ کیا تھا لیکن منظور شدہ کنٹرول لائن کے تحت اسے صرف ۳۱۴ مربع میل کا علاقہ ملا۔ پاکستان نے ۵۹ مربع میل علاقہ کا دعویٰ کیا تھا منظور شدہ کنٹرول لائن کے تحت نہ صرف یہ علاقہ اسے ملا بلکہ چھ مربع میل کے اس علاقہ کو بھی اس کا کنٹرول تسلیم کر لیا گیا جو ۱۹۴۹ء سے آزاد کشمیر کے زیر انتظام تھا لیکن بھارت نے اس پر بھی اپنا دعویٰ کر دیا تھا۔

سابق صدر صلح کا حکم نہ دیتے تو ہم لڑتے رہتے

میں نے پاکستانی فوجیوں سے کہہ دیا تھا کہ تمہارے گھر دور جنت نزدیک ہے

ہماری صلح با شرائط ہے بلاشرائط نہیں: لفٹیننٹ جنرل نیازی کے خطوط

راولپنڈی ۱۵ دسمبر (بشیر قریشی نمائندہ جنگ) ذیل میں لیفٹیننٹ جنرل امیر عبداللہ خاں نیازی کے دو خطوط شائع کئے جا رہے ہیں۔ جو انہوں نے بھارت سے جنگی قیدیوں کے کیمپ سے تحریر کئے اپنے بھانجے ڈاکٹر غلام سرور خان نیازی پروفیسر گورنمنٹ کالج لائلپور کو تحریر کئے ہیں۔ پہلا خط انہوں نے ۸ ستمبر ۱۹۷۲ء کو لکھا جو یہاں یکم دسمبر ۱۹۷۲ء کو موصول ہوا۔ اس خط میں انہوں نے لکھا ہے کہ سرور خان! تیرا ماموں کبھی کسی مشکل سے گھبرایا ہے اور کبھی موت سے ڈرا ہے۔ کیونکہ میں موت کو اللہ کا ادھار سمجھتا ہوں۔ جو کہ دینا ہے۔ اور جس کا وقت اور جگہ مقرر ہے۔ جو کہ بدلا نہیں سکتا۔ تو پھر ڈر کس چیز کا اور پھر اگر شکل یا موت ملک کے لئے ہو تو سونے پر سہاگہ۔ حضرت علی کا فرمان ہے کہ انسان کا سب سے بڑا محافظ اس کی موت ہے۔ کیونکہ وہ وقت سے پہلے کبھی آ نہیں سکتی۔ میں نے آپ کو پہلے خط میں لکھ دیا ہے کہ ہم نے لڑائی کیوں بند کی۔ ہم کو پتہ تھا کہ مجھے پانچ طرفوں پر لڑنا پڑے گا اور میں نے اس کی تیاری کی ہوئی تھی۔ اور یہ بھی معلوم تھا کہ سوائے ذات اللہ کے مجھے کوئی مدد نہیں پہنچا سکے گا۔ اسی لئے حکم جاری کر دیئے تھے کہ میرے بہادرو! تمہارا گھر تو تم سے دور لیکن جنت تمہارے نزدیک ہے۔ آخری دم تک لڑنا ہے۔ بے عزتی کی زندگی سے عزت کی موت اچھی ہے۔ اور یہ موت شہادت کی ہوگی۔ جواب میں سب نے لبیک کہا تھا لیکن اس حکم کے دو دن بعد صدر کا حکم آ گیا ہے۔ اس میں قدرت کا راز ہوگا۔ کیونکہ جو کچھ بھی ہوتا ہے۔ اللہ کی طرف سے ہوتا ہے۔ عزت جب میں ہر ایک چیز کو اللہ کی طرف سے سمجھتا ہوں تو غمگین کیسے ہوں گا۔ میں اسی طرح خوش ہوں۔ باقاعدہ بیمار نہیں ہے۔ جیل میں کھانا کھاتے ہیں گپ لگاتے ہیں۔ باجماعت نماز پڑھتے ہیں۔ باقاعدہ بحث مباحثہ کرتے ہیں کیونکہ یہ دانہ پانی کی بات ہے۔ جب تک یہاں کا دانہ پانی ہے۔ رہنا ہے جب ختم ہو جائیگا۔ پھر ہم کو کوئی قوت نہیں روک سکیگا عزیز! اسلحہ کوئی چیز نہیں۔ علی کب تک رہے گا۔ سچ سامنے آئے گا اور یہ ثابت ہو جائے گا کس ملک کسی قوم کو تو ہم نے ایسی مشکل حالات میں کبھی نہیں لڑا ہے۔ جس میں ہم تھے اور جس بہادری اور بے جگری سے لڑائی ہم لوگوں نے کی ہے۔

جاوید ہاشمی اور ان کے ساتھیوں کے خلاف مقدمات کا اندراج

لاہور ۱۵ دسمبر (نمائندہ خصوصی) مقامی پولیس نے سٹوڈنٹس یونین کے چیئرمین مسٹر جاوید ہاشمی اور ان کے ساتھی بین الاسلامی رہنماؤں کے خلاف نظربندی کے علاوہ ان کے خلاف قاتلانہ حملہ، بلوہ اور پولیس ملازمین کے سرکاری کام میں مداخلت کے الزام میں مقدمہ درج کیا ہے۔ پولیس نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے کہ پولیس کی ایک پارٹی مسٹر جاوید ہاشمی اور ان کے تین ساتھیوں سے نظربندی کے احکامات پر تعمیل کرانے کے لئے گئی تو مسٹر جاوید ہاشمی اور ان کے ساتھی پولیس پارٹی کے گلے پڑ گئے۔ اس دوران خشت باری بھی کی گئی۔

آندھرا پردیش میں خونریز ہنگامے

صوبہ بہار میں بھی مظاہرے تعلیمی ادارے بند

نئی دہلی ۱۵ دسمبر (ریڈیو رپورٹ) بھارتی صوبہ آندھرا پردیش کے علاقے آندھرا میں آج مکمل ہڑتال رہی کئی شہروں میں پولیس اور مظاہرین میں جھڑپیں بھی ہوئیں، وجے واڑہ ڈویژن میں مظاہرین نے ٹرینوں کو روک رہا۔ انتخابی قوانین کی خلاف ورزی کے الزام میں سو سے زائد افراد گرفتار کر لئے گئے۔ حیدرآباد اور سکندرآباد میں بھی مکمل ہڑتال رہی۔ ملکی قوانین کے خلاف احتجاجی جلوس نکالے گئے۔ ادھر مشرقی صوبہ بہار میں ۵۴ ہزار اساتذہ کی ہڑتال کی وجہ سے آج صوبہ بھر میں تمام تعلیمی ادارے بند رہے ہڑتالی اساتذہ نے پٹنہ اور دیگر شہروں میں مظاہرے کئے۔

وفاقی لیبر قوانین کا قبائلی علاقوں میں نفاذ

صدر نے حکم جاری کر دیا

اسلام آباد ۱۵ دسمبر (پ پ ا) صدر نے حکومت کی لیبر پالیسی اور لیبر اصلاحات کو نافذ کرنے کی غرض سے وفاقی لیبر قوانین کو ان کی فہرست دی گئی ہے، صوبہ سرحد اور بلوچستان کے ان قبائلی علاقوں میں بھی نافذ کر دیا ہے جو صوبوں کے زیر انتظام ہیں۔ جن وفاقی لیبر قوانین کو صوبوں کے زیر انتظام قبائلی علاقوں میں نافذ کیا گیا ہے ان میں کارکنوں کے معاوضہ کا ایکٹ مجریہ ۱۹۲۳ء اور کانوں کا ایکٹ مجریہ ۱۹۲۳ء فیکٹریز ایکٹ مجریہ ۱۹۳۴ء اجرتوں کی ادائیگی کا ایکٹ مجریہ ۱۹۳۶ء کانوں کے کارکنوں کے لئے زچگی کی سہولتوں کے ایکٹ مجریہ ۱۹۴۱ء صنعتی اعداد و شمار کے ایکٹ مجریہ ۱۹۴۲ء لازمی ملازمین کی رجسٹریشن کا آرڈیننس مجریہ ۱۹۴۸ء ملازمتوں کے ریکارڈ کا ایکٹ مجریہ ۱۹۵۱ء پاکستان لازمی ملازمتوں کی نگرانی کا ایکٹ مجریہ ۱۹۵۲ء کوئلہ کی کانوں کا آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۰ء عامل صحافیوں کی شرائط ملازمت کا آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۰ء کم سے کم اجرتوں کا آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۱ء روڈ ٹرانسپورٹ ورکرز آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۱ء اپرنٹس شپ آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۲ء ملازمتوں کے کنٹرول کا آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۵ء ریذیڈنٹس آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۵ء ایجاز ڈیوٹی برائے معدنیات کا ایکٹ مجریہ ۱۹۶۷ء ٹیکنیکوں کے منافع کا ایکٹ مجریہ ۱۹۶۸ء صنعتی تعلقات ایکٹ مجریہ ۱۹۶۹ء کارکنوں کی بہبود کا آرڈیننس مجریہ ۱۹۷۱ء کارکنوں کے بچوں کا آرڈیننس مجریہ ۱۹۷۲ء ملازمین کی ضعیف العمری کے فنڈ کا آرڈیننس مجریہ ۱۹۷۲ء شامل ہیں۔

تشدد اور گڑبڑ کے واقعات سے ملک کو نقصان پہنچے گا

حکومت کسی کو بھی قانون شکنی کی اجازت نہیں دے گی: گورنر تالپور

لاہور ۱۵ دسمبر (اے پ پ) سندھ کے گورنر میر رسول بخش تالپور نے معاشرہ کے تمام طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ تشدد سے باز رہیں اور اپنے مطالبات کے حل تلاش کرنے کے لئے تعمیری نقطہ نظر اپنائیں۔ مسٹر تالپور راولپنڈی سے کراچی جاتے ہوئے لاہور ریلوے سٹیشن پر اخبار نمائندوں سے بات چیت کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ تشدد اور گڑبڑ کے واقعات ملک کے مفادات کے خلاف ہیں۔ جبکہ موجودہ حکومت عوام کو ان بنیادی حقوق اور سہولتیں فراہم کرنے کی زبردست کوشش کر رہی ہے جن سے ان کو گزشتہ ۲۵ برس سے محروم کر دیا گیا تھا۔ تشدد آمیز سرگرمیوں سے ترقی کی راہ میں رکاوٹیں پڑیں گی۔ گورنر تالپور نے مزید کہا کہ بنگلہ دیش کے مسئلہ پر تشدد آمیز مظاہرہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں اس لئے کہ صدر بھٹو پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے سلسلہ میں فیصلہ عوام کی خواہشات کے مطابق کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا حزب اختلاف کے لیڈر جواب بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی مخالفت کر رہے ہیں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کر کے پہلے ہی بنگلہ دیش کو تسلیم کر چکے ہیں۔ کیونکہ قومی اسمبلی میں مشرقی پاکستان کی کوئی نمائندگی نہیں ہے۔ گورنر تالپور نے کہا مخالف پارٹیاں اپنے خود غرضانہ مقاصد کی خاطر طلباء کو استعمال کر رہی ہیں۔ انہوں نے کبھی بھی یہ سوچنے کی زحمت گوارا نہیں کی کہ طلباء سے ملک کے مستقبل کی امیدیں وابستہ ہیں۔ اور انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے کی اجازت دی جانی چاہیئے۔ سندھ کے حالات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو بھی قانون شکنی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے سندھ کی صنعتی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اور کہا کراچی جیسے بڑے شہر میں چھوٹے موٹے واقعات ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بے گھر افراد کو ہر ممکن امداد دیگی۔ سندھ میں تقریباً پانچ لاکھ بے گھر افراد موجود ہیں جن کی آبادکاری کے لئے مرکزی اور صوبائی حکومتیں منصوبے تیار کر رہی ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کی بہبود کے لئے اعلیٰ سطحی اجلاس میں جو رہنما اصول طے کئے گئے ہیں۔ وہ بھی عوام کے لئے فائدہ مند ہوں گے۔ جنہیں ماضی میں ان کے حقوق سے محروم رکھا گیا تھا۔

مولانا اے کے ایم یوسف کو عمر قید کی سزا

نئی دہلی ۱۵ دسمبر (ریڈیو رپورٹ) ڈھاکہ میں ایک خصوصی ٹربیونل نے آج مشرقی پاکستان کے سابق وزیر مولانا اے کے ایم یوسف کو عمر قید کی سزا سنائی۔ مولانا یوسف ڈاکٹر مالک کی کابینہ میں وزیر تھے خصوصی ٹربیونل ڈاکٹر مالک کو پہلے ہی عمر قید کی سزا کا حکم سنا چکا ہے۔

صدر نے ۲۹ دسمبر کو قومی اسمبلی کا اجلاس طلب کر لیا

راولپنڈی ۱۴ دسمبر (اے پ پ) صدر پاکستان نے عبوری آئین کی دفعہ ۶۸ کی ذیلی دفعہ ۲ کے تحت ۲۹ دسمبر کو قومی اسمبلی کا اجلاس بطور وفاقی مقننہ طلب کیا ہے اجلاس ہفتہ کے روز دوپہر ڈھائی بجے اسلام آباد میں سٹیٹ بینک کی عمارت میں ہوگا۔ اتوار ۳۱ دسمبر کو قومی اسمبلی کا اجلاس ۲۹ دسمبر سے ہی ہونے والا ہے اس سے قبل آئین سازی کے سلسلہ میں قومی اسمبلی کا اجلاس طلب کیا گیا ہے۔

چین سے دوستی کیلئے پاکستان کی پیشکش منظور نہیں: سورن سنگھ

نئی دہلی ۱۵ دسمبر (ریڈیو رپورٹ) بھارتی وزیر خارجہ سردار سورن سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت اور چین کے تعلقات بہتر بنانے کے لئے کسی تیسرے ملک کی مدد حاصل نہیں کی جائے گی وہ آج پارلیمنٹ کے ایوان بالا میں صدر بھٹو کی اس پیشکش کے بارے میں سوالات کا جواب دے رہے تھے کہ وہ بھارت اور چین کے تعلقات کو معمول پر لانے کے لئے مدد دینے کو تیار ہیں۔ وزیر خارجہ سورن سنگھ نے کہا کہ بھارت مناسب وقت پر اپنا سفیر پیکنگ بھیجے گا انہوں نے کہا کہ صرف دہلی اور پیکنگ بلکہ اقوام متحدہ میں بھی ایک دوسرے سے رابطے پیدا کئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ دونوں دارالحکومتوں میں دونوں کے سفارتی نمائندے موجود ہیں اس لئے تیسرے فریق کی مدد اور اثر و رسوخ استعمال کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

لیبیا میں ضبط تولید کے مرتکب خاوندوں کو ۱۵ سال قید کی سزا دی جائے گی

بیویوں کو پانچ سال اور اپریشن کرنے والے ڈاکٹروں کو بھی پندرہ سال قید کی سزا کا اعلان

ہیئر سیلونوں کے مالکان کو خواتین کے بال کاٹنے کی ممانعت

طرابلس ۱۵ دسمبر (پ پ ا۔ اے پ) لیبیا کی انقلابی کونسل نے ضبط تولید پر کڑی پابندیاں عائد کر دی ہیں اور اس کے مرتکب افراد کو سخت سزائیں دی جائیں گی۔ اگرچہ اس سے قبل بھی یہاں یہ پابندی عائد تھی اور عام طور پر بہت کم لوگ اس کا ارتکاب کرتے تھے۔ لیکن انقلابی کونسل نے سخت سزاؤں کے نفاذ کا اعلان کیا ہے۔ ضبط تولید کے اپریشن کرنے والے ڈاکٹروں کو پندرہ سال قید کی سزا دی جائے گی۔ ان خاوندوں کو بھی پندرہ سال کی سزائے قید دی جائے گی جو اپنی بیویوں کو قوت تولید سے محروم کرنے پر رضامند کریں گے یا اس کے ارتکاب میں معاونت کریں گے۔ ضبط تولید پر رضا و رغبت رضامند ہونے والی بیویوں کو ۵ سال قید کی سزا دی جائے گی۔ انقلابی کونسل نے ہیئر سیلونوں کے مالکان کو خواتین کے بال کاٹنے کی بھی ممانعت کر دی۔

غیر ملکی نصابی کتابیں

ملک کے اندر چھاپنے کی اجازت

اسلام آباد ۱۵ دسمبر (پ پ ا) صدر نے ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جس میں غیر ملکی نصابی کتابیں ملک میں دوبارہ چھاپنے کی اجازت دی گئی ہے۔ نئے آرڈیننس کے تحت تعلیمی اداروں میں بطور نصاب مطالعہ اور تحقیق کے لئے استعمال کی جانے والی کسی کتاب کی طباعت، ترجمہ اور تالیف کے سلسلے میں کاپی رائٹ کا اطلاق نہیں ہو سکے گا۔

حملہ کی تحقیقات اور غنڈوں کے خلاف کارروائی کا حکم محض ڈھونگ ہے

وکلاء پر حملہ گورنر کھر کے ایماء پر کیا گیا تھا: ملک قاسم

لاہور ۱۵ دسمبر (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری ملک محمد قاسم نے یہاں ایک پریس کانفرنس میں گورنر پنجاب کے اس حکم کو ایک ڈھونگ قرار دیا ہے جس کے تحت گورنر نے وکلاء پر حملہ کرنے والے غنڈوں کے خلاف کارروائی کا حکم دیا ہے انہوں نے کہا کہ سب کچھ گورنر کے علم میں تھا اور پہلے سے طے تھا کہ بدھ کے روز جو جلوس بھی نکلے اس پر غنڈے حملہ کریں اور جلوس نکالنے والوں سے جبر کا سلوک کریں انہوں نے کہا کہ اس واقعہ سے ایک روز قبل گورنر نے پیپلز پارٹی کے کارکنوں سے بھی یہ کہا تھا کہ وہ باہر نکلیں اور مقابلہ کریں۔ انہیں تحفظ دیا جائیگا۔ ملک محمد قاسم نے کہا کہ یہ حملہ گورنر کے ایماء پر کرایا گیا ہے۔ لہٰذا لاہور کے وکلاء یہ مطالبہ کرنے میں حق بجانب ہیں کہ گورنر فوراً استعفیٰ دیں۔ انہوں نے انارکلی میں لوٹ مار ہونے کے واقعہ پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ سب کچھ اس لئے کیا گیا ہے کہ پیپلز پارٹی کے اصل قاتلوں اور وکلاء پر حملہ کرنے والے مجرموں کو بچایا جائے۔ اور ان کی جگہ بے گناہ افراد کا چالان کرائے جائیں۔ ملک قاسم نے کہا کہ وکلاء نے جلوس بنگلہ دیش کے خلاف نہیں بلکہ طلبہ پر روا رکھے جانے والے ظلم و ستم کے خلاف احتجاج کے طور پر نکالا تھا۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی معاشرہ میں طلبہ کے ساتھ پولیس نے وہ سلوک نہیں کیا جو انہیں تنگ کر کے کیا گیا۔ انہوں نے لائل پور اور راولپنڈی میں طلبہ پر ظلم و ستم ڈھانے کی مذمت کی۔

ایئر مارشل چوہدری نے سعودی فضائیہ کا معائنہ کیا

عمان ۱۲ دسمبر (اے پ پ) پاکستان فضائیہ کے سربراہ ایئر مارشل ظفر احمد چوہدری نے کل ریاض میں سعودی فضائیہ کے ہیڈکوارٹر شاہ فیصل ایئر فورس کیڈٹ کا بھی معائنہ کیا سعودی پریس ایجنسی کی اطلاع کے مطابق انہوں نے سعودی عرب کے وزیر دفاع اور دوسرے اعلیٰ فوجی حکام سے ملاقات کی۔

پاکستان میں چھپنے والی اہم ترین کتاب

لاہور ۱۵ دسمبر (اے پ پ) امریکہ کی نیویارک یونیورسٹی کے شعبہ فائن آرٹس کے سربراہ نے انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کو پاکستان میں چھپنے والی اہم ترین کتاب بتایا ہے۔ اس کتاب کی ۱۷ جلدیں مکمل ہونے پر پنجاب یونیورسٹی کو ایک خط میں انہوں نے اس عظیم کام کو بہت سراہا ہے۔

KASHMIR VALLEY RESTAURANT
Indian & Pakistani Quality Food
HALAL MEAT - VEGETARIAN DISHES - SWEETS
830 YOUNG ST. 921-2398

H. W.
Super Market
Please Shop Your
GROCERY
AT 272 DUPONT ST.
923-3939

وطن پرنا بُرنگ :- بقیہ صفحہ ۹

نقصان ہوا کرتا ہے ۔ یہ لوگ طلبہ میں گھس چکے ہیں۔ میں نے انہی لوگوں کا خطرناک سرگرمیوں کے پیش نظر پارٹی کے کارکنوں کو بھی ہدایت کی تھی کہ وہ عوام کی جان و مال کی حفاظت کریں چنانچہ فوج و پولیس جب ان لوگوں کو جو طلبہ کو استعمال کر رہے ہیں معاملات کی بہتری کی وجہ سے مایوسی ہوئی تو غنڈہ عنصر بھی لڑائی میں شامل ہو گیا۔ ان میں سمگلر بھی شامل تھے جن کے پاس بے تحاشہ سرمایہ ہے ۔ حکومت کو کمزور کرنا چاہتے ہیں تاکہ سرحدوں سے فوجوں کی واپسی کے بعد وہ سمگلنگ کا دھندا شروع کر سکیں۔ ان غنڈوں اور سمگلروں کے ساتھ سماج دشمن اور تخریب پسند عناصر بھی شامل ہو گئے تھے۔ وکلاء کے جلوس پر ان غنڈوں کا حملہ بہت افسوسناک ہے لیکن میں وکلاء سے پوچھتا ہوں کہ ہڑتال کے باوجود جلوس کا کیا جواز تھا۔ بنگلہ دیش کے سوال پر ہر ایک کو یہ حق ہے کہ وہ اپنی رائے کا اظہار کرے ۔ پاکستان کسی ایک فرد کا نہیں ہے ہم سب کا ہے ۔

فوکر طیارے کے ڈھانچے سے صرف ۷ نعشیں مل سکیں

باقی سب کچھ جل کر راکھ ہو گیا

راولپنڈی ۱۵ دسمبر (پ پ ا) پی آئی اے کے ایک ترجمان کے مطابق جمعہ ۸ دسمبر کو وادی گلگت میں جلکوٹ کے نزدیک مسافر طیارے کے حادثہ میں جاں بحق ہونے والوں کی نعشوں کی تلاش کا کام مکمل ہو گیا ہے ۔ ہفتہ بھر کی سخت تلاش کے باوجود صرف سات نعشیں اور تباہ شدہ فوکر فرینڈشپ طیارے کے چند ٹکڑے برآمد کئے جا سکے معلوم ہوتا ہے کہ باقی نعشیں اور طیارے کے دوسرے حصے جل کر راکھ ہو گئے ۔ سات برآمد شدہ نعشوں کو سے چار اور نعشوں کی شناخت ہو گئی ہے جس کے مطابق وہ فلائٹ سٹیورڈ ڈیول بھٹی ۔ نائک محمد اسلم ، مسٹر یعقوب اور مسٹر غلام حسین کی نعشیں تھیں ۔ باقی تین نعشیں پہلے ہی سپرد خاک کی جا چکی ہیں ۔ مرنے والوں کے لواحقین کو قانونی طور پر معاوضہ ادا کرنے کے مسئلے پر فوری طور پر غور کیا جا رہا ہے ۔ حادثے کی رپورٹ جلد شائع کر دی جائے گی

سندھ کے مقبوضہ علاقوں سے بھارتی فوج کی واپسی شروع

۱۰ کلو میٹر ریلوے لائن پاکستان کو دیدی جائیگی

نئی دہلی ۱۵ دسمبر (ریڈیو رپورٹ) راجستھان میں باڑمیر کے علاقے سے بھارتی فوجوں کی واپسی شروع ہو گئی ہے اس سے قبل آج دونوں ملکوں کے فوجی کمانڈروں نے ملاقات کی جس میں علاقے کو پاکستان کے حوالے کرنے کے انتظامات پر غور کیا گیا۔ آل انڈیا ریڈیو نے اپنے نامہ نگار کے حوالے سے بتایا ہے کہ بھارتی حکومت نے باڑمیر میں دس کلو میٹر طویل ریلوے لائن جو بھارت نے تعمیر کی تھی ۔ غیر مشروط طور پر پاکستان کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس کے ساتھ جو پانی کے تالاب وغیرہ بنائے گئے ہیں وہ بھی جوں کے توں پاکستان کو دے دئیے جائیں گے ۔ بھارتی ریڈیو کے مطابق مقبوضہ علاقوں میں کسی شہری املاک کو نقصان نہیں پہنچایا گیا۔ سندھ کے مقبوضہ علاقے میں بارودی سرنگیں ہٹانے کا کام مکمل ہو گیا ہے اس کے ساتھ ہی پاکستانی فوجی حکام کو ایک نقشہ دیا جائے گا ۔ جس میں وہ علاقہ دکھایا گیا ہے جس میں بارودی سرنگیں بچھائی گئی تھیں۔

صدر بھٹو کی زمین کسانوں میں تقسیم کر دی گئی

جیکب آباد ۱۵ دسمبر (اپ پ) آج ڈیرہ مراد جمالی تعلقہ جیکب آباد میں صدر ذوالفقار علی بھٹو کی ۵۷۱ ایکڑ ۲۲ گھنٹہ زمین مارشل لاء کے ضابطہ ۱۱۵ کے تحت ہاریوں میں تقسیم کر دی گئی ۔ اس موقعہ پر ہاریوں نے بوجمالو رقص پیش کیا اور جیئے بھٹو ، سدا جیئے کے نعرے لگائے

میو ہسپتال کے ڈاکٹروں کی ہڑتال ختم ہو گئی

لاہور ۹ دسمبر (نمائندہ جنگ) ہسپتال کے ڈاکٹروں نے گورنر پنجاب غلام مصطفیٰ کھر کے الٹی میٹم کے ڈیڑھ گھنٹہ بعد اپنی ہڑتال ختم کر دی اور ڈیوٹی پر واپس آ گئے ہیں

گداگر بھی میدان میں آ گئے ؟

کراچی ۱۳ دسمبر (ث پ ب) سندھ کے گداگر اپنے مطالبات کی حمایت میں کراچی سے اسلام آباد تک لانگ مارچ کرینگے اور اپنے مطالبات کے سلسلے میں اسلام آباد میں صدر بھٹو سے ملاقات کرینگے اس کا فیصلہ حضرت عبداللہ شاہ غازی کے مزار پر منعقد ہونے والے انجمن گداگران سندھ کے ایک اجلاس میں کیا گیا جس کی صدارت انجمن کے کنوینر بابا انوار الحق ست قلندر کر رہے تھے۔ انجمن گداگران سندھ نے مطالبہ کیا ہے کہ گداگروں کو ملازمتیں فراہم کی جائیں ان کے بچوں کو مفت تعلیمی اور طبی سہولتیں دی جائیں اور پورے سندھ میں گداگروں نے جہاں جہاں جھگیاں ڈالی ہوئی ہیں انہیں وہیں مستقل طور پر آباد کیا جائے ۔ اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے طالب علم رہنما عاقل لودھی نے پورے سندھ کے انقلابی طلباء کی جانب سے گداگروں کو ان کے مطالبات کے سلسلے میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

اشیاء خوردنی میں ملاوٹ پر اظہار تشویش

کراچی ۱۳ دسمبر (انسداد رپورٹر) الیان صارفین انسداد ملاوٹ کے جنرل سکریٹری شیخ شوکت علی نے اشیائے خوردنی میں ملاوٹ کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا ہے انہوں نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملاوٹ کی وجہ سے دماغی امراض ، بلڈ پریشر ، فالج ، ٹی بی ، پیٹ اور دیگر کئی قسم کی بیماریاں پھیل رہی ہیں ۔

چینی بینکاروں کا وفد لاہور کے دورے پر

لاہور ۱۴ دسمبر (اپ پ) چینی بینکاروں کا پانچ رکنی وفد صوبائی دارالحکومت کے ایک روزہ دورہ پر آج کراچی سے یہاں پہنچا ۔ وفد کل راولپنڈی روانہ ہو جائے گا۔

پٹ فیڈر کے واقعہ میں ملوث مزید ۱۲ افراد گرفتار

کوئٹہ ۱۴ دسمبر (پ پ ا) ۲۸ نومبر کے پٹ فیڈر کے واقعہ کے سلسلہ میں زمیا قبائلیوں کی گرفتاری سے اب تک گرفتار ہونے والوں کی کل تعداد ۵۰ تک پہنچ گئی ہے ۔ آج یہاں جاری ہونے والے ایک سرکاری ہینڈ آؤٹ کے مطابق مزید گرفتاریوں کا امکان ہے ۔ پٹ فیڈر علاقے میں صورت حال معمول پر آ چکی ہے اور متاثرہ لوگ اپنے گھروں کو واپس آنا شروع ہو گئے ہیں

باڑہ جانے کے لئے پرمٹ لینا پڑے گا

سمگلنگ کی روک تھام کے لئے حکومت سرحد کا اقدام

پشاور ۱۳ دسمبر (پ پ ا) سرحد کے وزیر اعلیٰ مفتی محمود نے تجویز پیش کی ہے کہ پشاور کے نزدیک قبائلی علاقوں کی منڈی باڑہ کو بند کیا جائے اس کا انکشاف سرحد کے انسپکٹر جنرل پولیس میاں بیت اللہ نے آج یہاں ایک پریس کانفرنس میں کیا ۔ انہوں نے بتایا کہ آخری فیصلے کے لئے یہ تجویز اب مرکزی حکومت کے سامنے پیش کیا جائے گا تاہم انہوں نے یہ بتایا کہ عبوری انتظام کے طور پر شہر پشاور کے قبائلی علاقے میں داخلے پر پابندی لگائی جا رہی ہے اور باڑہ جانے کے لئے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے خصوصی اجازت حاصل کرنا ہوگی ۔ اس فیصلے کا نفاذ دو ہفتے میں ہو جائے گا۔ اس اقدام سے باڑہ کی سمگلنگ کی مارکیٹ ختم ہو جائے گی ۔ انہوں نے کہا کہ باڑہ میں زیادہ تر سرمایہ کاری ... کی ہے اور حکومت کی طرف سے سخت اقدامات سے ... ختم ہو سکتا ہے

ملتان میں ایٹمی سوئی کی چوری کی وضاحت

لاہور ۱۳ دسمبر (اپ پ) ایٹمی توانائی کمیشن کے ایک اعلامیہ میں وضاحت کی گئی ہے کہ بعض اخبارات میں ملتان کے نشتر میڈیکل کالج کے کینسر سنٹر سے ریڈیم کی سوئی کی چوری کی جو خبریں شائع ہوئی ہیں وہ مبالغہ آمیز ہیں ۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ یہ سوئی اب نہیں بلکہ جون سے ... کے وسط میں چوری ہوئی تھی ۔ اس کے فوراً بعد سوئی کا پتہ چلانے کے لئے موثر اقدامات کئے گئے اور شہر اور اس کے ملحقہ علاقے اور مضافات کو چھان مارا گیا لیکن اس کا پتہ نہیں چل سکا ۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اس سوئی سے انسانی صحت کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا ۔ کیونکہ یہ بہت کم قوت کی تھی ۔ اگر اسے کسی انسانی جسم میں کئی روز تک لگائے رکھا جائے تو اس سے محض ... ہو سکتا ہے ۔ اس کے علاوہ یہ اتنی قیمتی بھی نہیں جیسا کہ اخبارات میں بیان کیا گیا ہے ۔

گورنر کھر کے بھائی کو سلیوٹ نہ کرنے پر سپاہی کو لائن حاضر کر دیا گیا

ملتان ۱۰ دسمبر (نمائندہ جسارت) گورنر پنجاب غلام مصطفیٰ کھر کے بھائی کو سلیوٹ نہ کرنے پر ملتان کے ایک پولیس والے کو لائن حاضر کر دیا گیا ۔ کہا جاتا ہے کہ جناب ربانی کھر کسی کام سے تھانہ کوتوالی میں گئے ۔ اس وقت وہاں موجود محرر محمد یار سے یہ غلطی ہو گئی کہ اس نے انہیں گورنر کا بھائی سمجھ کر سلیوٹ نہیں کیا جس پر جناب ربانی کھر نے فوراً ایس پی کو ٹیلیفون کیا اور اس کے کچھ وقت بعد ہی محمد یار کو لائن حاضر کر دیا گیا ۔

پیپلز پارٹی نے بھی جلوس نکالا

... ۱۰ دسمبر (جسارت) آج ... کی حمایت کا عظیم الشان جلوس ... پیپلز پارٹی کے جیالوں نے جس کی قیادت میاں حامد حسین ایم این اے کر رہے تھے ... چوک سے ایک جلوس نکالا ...

بنگلہ دیش میں انتخابات سے قبل بھارت کے ساتھ معاہدوں کو منسوخ کر دیا جائے

پاکستانی حکام کے ساتھ تعاون کے الزامات لگا کر مجیب حکومت دہشت گردی کر رہی ہے ۔ مولانا بھاشانی

کھٹمنڈو ۱۴ دسمبر (اپ پ) شیخ مجیب الرحمٰن کی مخالفت میں بائیں بازو کی جماعتی محاذ کے رہنما مولانا بھاشانی نے بنگلہ دیش کی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اس نے بھارت کے ساتھ جو معاہدے کئے ہیں ان سب کو انتخابات سے پہلے منسوخ کر دیا جائے اگر حکومت نے ان معاہدوں کو منسوخ نہیں کیا تو عوام تحریک چلا کر اس کا تختہ الٹ دیں گے مولانا بھاشانی اور متحدہ محاذ بنگلہ دیش میں بھارت کا اثر و رسوخ بڑھنے کے خلاف ہیں۔ مولانا بھاشانی نے ڈھاکہ کے قریب کلیا کاری میں ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ عام انتخابات سے تین ماہ قبل موجودہ حکومت توڑ دی جائے اور ایک عبوری حکومت قائم کی جائے ۔ انہوں نے کہا کہ عوامی لیگ کی موجودہ حکومت پاکستانی حکام کے ساتھ تعاون کرنے کے الزامات عائد کر کے دہشت گردی سے کام لے رہی ہے ۔ ہیکڑوں افراد کو مقدمہ چلائے بغیر جیلوں میں بند کیا جا رہا ہے ۔ انہوں نے قتل اور کرنے والوں کے خلاف بنگلہ دیش کے صدر کے حکم پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ وہ منتخب صدر نہیں ہیں ۔ لہذا انہیں یہ حکم بلا ضابطہ جاری کرنے کا کوئی اختیار نہ تھا ۔ مولانا بھاشانی نے یہ بھی کہا کہ مجیب حکومت نے اخبارات کا گلا گھونٹ دیا ہے جن کی مکمل آزادی بحال ہونی چاہیئے ۔ مولانا نے ۲۹ دسمبر کو ... میں مساجد کے اماموں اور مسلمانوں کی ایک کانفرنس بلائی ہے اور اس کا اعلان کرتے ہوئے ... اسلامی سوشلزم کے قیام ... تمام بیرونی طاقتوں کی غلامی سے نجات حاصل کرنے ... ضروری اشیاء اور خوراک کی قیمتوں میں کمی کرنے ... اور سرمایہ داروں کے خاتمے اور حکومت کے خاتمے کا مطالبہ کیا گیا ہے ۔

ملک کے حالات باہمی کشمکش کے متحمل نہیں ہو سکتے ۔ مولانا مودودی

جاوید ہاشمی کو اذیت پہنچائی گئی تو اس کے سنگین نتائج ہوں گے ۔ میاں طفیل

انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے لیے چیف جسٹس سے تحقیقات کرائی جائے ۔ چوہدری رحمت الٰہی

لاہور ۱۰ دسمبر جماعت اسلامی کے پریس ریلیز کے مطابق جماعت اسلامی کے بانی مولانا مودودی ، امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد اور سکریٹری جماعت اسلامی چوہدری رحمت الٰہی نے لاہور میں ہنگاموں کے سلسلے میں آج یہاں الگ الگ بیانات جاری کئے ہیں۔

مولانا مودودی :- مولانا مودودی نے اپنے بیان میں کہا کہ پچھلے چند روز کے واقعات سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو چکی ہے کہ قومی مسائل میں لوگوں کے جذبات کو اظہار سے روکنے کے لئے طاقت کا استعمال کوئی مفید نتیجہ پیدا نہیں کرتا ۔ بلکہ اس سے اشتعال پیدا ہوتا ہے اور اشتعال کو دبانے کے لئے طاقت کا استعمال جتنا بڑھتا جاتا ہے آگ پھیلتی اور بڑھتی ہی چلی جاتی ہے ۔ کالجوں کے طلباء کے ساتھ جو کچھ کیا گیا وہ مدرسوں کے کم سن بچوں کو میدان میں لے آیا اس کے بعد بھی حماقت کا ہاتھ نہ رکا تو کالا میدان میں آ گئے ان پر جو زیادتی کی گئی اس سے ملک کے عدالتی نظام کے مفلوج ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے ۔ اس پر بھی سخت گیری کی پالیسی جاری رہی اور اب خواتین میدان میں آ رہی ہیں اور کچھ بعید نہیں کہ یہ فتنہ آگ پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے لے ۔ ہمارا ملک اس وقت جن نازک حالات سے گزر رہا ہے وہ اس کے متحمل نہیں ہیں اس کے بیرونی خطرات ہمارے اوپر منڈلا رہے ہیں اور اندر ہم آپس کی کشمکش میں ۔ اچھے تھے مخالفین نے ہیں حکومت کو مشورہ دیتا ہوں کہ وہ ٹھنڈے دل سے حالات پر غور کرے اور جو شدت کے ساتھ اس آگ کو بجھانے کی کوشش کرے ، جو بدقسمتی سے لگ چکی ہے میرے نزدیک اس کی صحیح تدبیر یہ ہے کہ بلا استثناء تمام طلبہ کو اور دوسرے گرفتار شدگان کو غیر مشروط طور پر رہا کر دیا جائے اور مقدمہ چلانے کی ساری کارروائیاں ختم کر دی جائیں دفعہ ۱۴۴ ہر جگہ سے اٹھالی جائے ۔ لوگوں کو اپنے ملکی مسائل پر جلسوں اور جلوسوں کی آزادی دے دی جائے اور کسی کے خلاف کوئی کارروائی اس صورت میں کی جائے جب وہ توڑ پھوڑ یا تشدد یا نقص امن کا ارتکاب کرے

طلباء کو اکسانے والے لیڈروں سے میں اچھی طرح واقف ہوں ۔ گورنر کھر

یونیورسٹی میں ہنگامہ کے بعد مقامی لیڈروں نے ... (partly legible)

لاہور ۱۰ دسمبر (پ پ ا) گورنر پنجاب مسٹر غلام مصطفیٰ کھر نے کہا ہے کہ ...

دوار کا میں بھارت کا نیا بحری اڈہ

نئی دہلی ۱۰ دسمبر (پ پ ا) (ڈپ) بمبئی سے تقریباً دو سو میل شمال مغرب میں دوارکا میں گزشتہ روز ایک تقریب میں ایک نئے بحری اڈے کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا ۔ اس تقریب میں صوبائی گورنر شریمانی نارائن بھی شریک ہوئے ۔ تقریب کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے مغربی بحری کمان کے سربراہ وائس ایڈمرل ایس این کوہلی نے کہا کہ یہ اڈہ جو بحریہ کے مجوزہ دفاعی منصوبے کا حصہ ہے ملک کے مفادات کو مستحکم کرنے کی جانب ایک قدم ہے ۔

چو این لائی آئندہ ماہ پاکستان آئیں گے

اسلام آباد ۱۰ دسمبر (پ پ ا) عوامی جمہوریہ چین کے وزیر اعظم چو این لائی جنوری کے آخر یا فروری کے اوائل میں پاکستان کا دورہ کریں گے ۔ ان کے ساتھ چین کے نائب وزیر خارجہ چیاؤ کوآن ہوا بھی ہوں گے ۔ وہ حکومت پاکستان کی اس دعوت پر پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں جس کی تجدید صدر بھٹو نے صدارت کا عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنے دورہ چین کے موقع پر کی تھی ۔ چو این لائی پاکستان کے دورہ کے بعد مشرق وسطی اور افریقہ کے چند اور ممالک کا دورہ بھی کریں گے ۔

جسیم الدین احمد کو بھی عمر قید کی سزا

کراچی ۔ (ریڈیو رپورٹ) مشرقی پاکستان کے سابق گورنر ڈاکٹر اے ایم مالک کی کابینہ کے ایک وزیر جسیم الدین احمد کو آج ڈھاکہ کے ایک خصوصی ٹریبونل نے عمر قید کی سزا سنا دی ہے ۔ ڈاکٹر مالک اور ان کی کابینہ کے تمام وزراء پر پاکستانی فوج کی مدد کرنے اور بنگلہ دیش کی حکومت کے خلاف جنگ کرنے کے الزامات عائد کئے گئے تھے یاد رہے کہ ڈاکٹر مالک کو بھی گزشتہ دنوں عمر قید کی سزا دی گئی تھی ۔

حسن اختلاف نے اسلام کا راستہ ... کیا تو اُسے کچل دیا جائے گا

Ali Baba

welcomes you to Niagara Falls, Canada with his traditional oriental hospitality. Ali Baba's cuisine of the Orient presents to you from the tables of Shaikhs, Khans, Pashas, Maharajas and the sultans of the Orient Shish Kebabs, Steaks, Chicken Tandoori, Sea Foods, Vegetarian Foods at their best, and many other delicious curried foods. Also selected American and Canadian dishes.

Ali Baba International Restaurant · Dinig Lounge

"ASIA HOUSE" — Center Street, Niagara Falls, Canada. Tel. 354-6933 & 356-8785

OPEN ALL NIGHT 7 DAYS - A - WEEK

31 John St. (Windsor Hotel Bldg.) HAMILTON

Home of Indo-Pak Cuisine

OPEN 7 DAYS A WEEK

11 AM to 11:30 PM

FRI. & SAT. 2 AM

Oriental Dishes

DINING LOUNGE

DISHES TO SUIT ALL TASTES

FAST TAKE-OUT AND DELIVERY

"PIPING HOT TO YOUR HOME"

"BUSINESS MENS LUNCHEON"

$1.50

922-1004

1234 1/2 YONGE STREET TORONTO

صدائے پاکستان کے آئندہ شمارہ

عید نمبر کی ایک جھلک

علمی صفحہ
لمحۂ فکریہ، پاکستان اور پاکستانیوں کے مسائل اور ان کا حل،
مکتوبِ پاکستان،
نیشنل عوامی پارٹی کے صدر ولی خان کا خصوصی انٹرویو

آنسو گیس ۔ لاٹھی چارج اور پتھراؤ ۔ ۲۱۹ طلباء گرفتار ۔ ۸۳ زخمی

پنجاب اور سندھ کے متعدد شہروں میں پولیس اور طلبہ کی جھڑپیں

پنجاب اور سندھ میں طلبہ نے یوم احتجاج منایا، کلاسوں کا بائیکاٹ، جلسے جلوس اور مظاہرے ۔ لاہور، راولپنڈی، لائلپور، حافظ آباد اور حیدرآباد میں لاٹھی چارج اور آنسو گیس کا استعمال — لاہور

انجینئرنگ طلبہ گرفتار کرکے پولیس قلعہ میں دھکیل دیے گئے — راولپنڈی — مین برنٹ لاٹھی چارج، گورڈن کالج میں طلبہ کا محاصرہ، ۲ طلبہ کی حالت نازک ہے

ملتان، کیمبلپور، کھر، ٹنڈو آدم، شہداد پور اور دیگر مقامات پر احتجاجی جلوس، کلاسوں کا بائیکاٹ

آج بھی یوم احتجاج منایا جائے گا — جلسوں اور جلوسوں کا پروگرام

لاہور، ۱۱ دسمبر (نامہ نگار جسارت، اے پی پی) اسلامی جمعیت طلباء پاکستان کی اپیل پر آج پورے ملک میں طلباء نے یوم احتجاج منایا۔ طلباء نے کلاسوں کا بائیکاٹ کیا اور احتجاجی جلوس نکالے۔ پنجاب اور سندھ کے متعدد شہروں میں پولیس اور طلباء کے درمیان جھڑپیں ہوئیں جن میں ۸۳ افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس نے ۲۱۹ طلباء کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے آج لاہور، راولپنڈی، لائلپور، حیدرآباد، حافظ آباد میں تعلیمی اداروں کی ناکہ بندی کی اور طلباء کے جلوس پر لاٹھی چارج کیا اور آنسو گیس استعمال کی۔ طلباء نے پولیس پر پتھراؤ کیا جس سے پولیس والے زخمی ہو گئے۔ سرگودھا، کیمبل پور، ساہیوال، گجرات، ملتان، ٹنڈو آدم، سکھر، شہداد پور اور دوسرے مقامات پر طلباء نے جلوس نکالے۔

لاہور میں آج دن بھر پولیس اور طلبہ کے درمیان تصادم ہوتا رہا۔ پولیس نے مختلف کالجوں سے متعدد طلبہ کو گرفتار کر لیا اور کالجوں اور یونیورسٹی کے اندر آنسو گیس کے سینکڑوں شیل پھینکے۔

انجینئرنگ یونیورسٹی کے طلبہ نے آج صبح جلوس نکالنے کی کوشش کی، مگر پولیس کی بھاری جمعیت نے یونیورسٹی سے باہر جانے والے تمام سڑکوں کی ناکہ بندی کر دی اور متعدد طلبہ کو گرفتار کر لیا۔ گورنمنٹ کالج، اسلامیہ کالج، دیال سنگھ کالج، گورنمنٹ کالج، وحدت کالونی، ایم اے او کالج اور پنجاب یونیورسٹی کے طلبہ اور مسلح پولیس کے درمیان پورے دن تصادم ہوتا رہا۔ پولیس نے ایم اے او کالج کا محاصرہ کر لیا۔ طلبہ نے کالج کے اندر سے پولیس پر زبردست سنگباری کی۔ پولیس نے کالج کی عمارت کے اندر سینکڑوں شیل پھینکے۔

سرکاری اعلان

رضا قصوری کی درخواست ضمانت مسترد کر دی گئی

لاہور، ۱۱ دسمبر (اے پی پی) آج ایک مقامی مجسٹریٹ نے رکن قومی اسمبلی جناب احمد رضا قصوری کی درخواست ضمانت مسترد کر دی ... جناب قصوری کو جیل میں سے کلاس دینے کی درخواست بھی مسترد کر دی ہے۔

احتجاج اور مظاہرے محض ایک سازش ہیں: ممتاز بھٹو

حکومت خاموش نہیں بیٹھے گی۔ فوراً سختی کے ساتھ نمٹا جائے گا

کراچی، ۱۱ دسمبر (اے پی پی) وزیر اعلیٰ سندھ جناب ممتاز علی بھٹو نے آج یہاں بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی مخالفت اور ... گرفتاریوں کے خلاف ... مظاہروں اور احتجاجوں کو ایک سازش قرار دیا ہے۔ ... ان حالات میں تشدد آمیز مظاہرے اور احتجاج ایک سازش کے سوا کچھ نہیں ...

یہ سب سرمایہ داروں اور رجعت پسندوں کا کیا دھرا ہے: ڈاکو منرکھر کی تقریر

فتح تینوں مسلح افواج کی مکمل ہم آہنگی پر منحصر ہے — یحییٰ خان

بنگلہ دیش ریلوے میں بھارتی عملہ

ڈنمارک اقتصادی امداد بحال کر دے گا

وکلاء کے پُرامن جلوس پر فائرنگ ۳ زخمی کی حالت نازک

ڈیڑھ سو طلبا رہا کر دیئے گئے: وکلاء کے جلوس پر فائرنگ کی تحقیقات کا حکم

لاہور، ۱۲ دسمبر (جسارت رپورٹر) گورنر پنجاب ملک غلام مصطفےٰ کھر نے آج رات ایک ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وکلاء کے پُرامن جلوس پر فائرنگ اور حملے پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ ... گورنر نے اعلان کیا کہ میں نے وکلاء پر حملے کی مکمل تحقیقات کا حکم دے دیا ہے ...

باقی صفحہ ۹ پر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صدائے پاکستان

پندرہ روزہ — ٹورانٹو کینیڈا

یاد کرو وہ وقت جب کہ تم تھوڑے تھے، زمین میں تم کو بے زور سمجھا جاتا تھا۔ تم ڈرتے رہتے تھے کہ کہیں لوگ تمہیں مٹا نہ دیں۔ پھر اللہ نے تم کو جائے پناہ مہیا کر دی اپنی مدد سے تمہارے ہاتھ مضبوط کیے اور تمہیں اچھا رزق پہنچایا تاکہ تم شکر گزار بنو۔

اے ایمان والو! جانتے بوجھتے اللہ اور اُس کے رسولؐ کے ساتھ خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں میں غداری کے مرتکب نہ ہو۔

انتہائی افسوسناک!

نام نہاد بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی سرکاری مہم کے خلاف طلباء کی زبردست جدوجہد کے تیسرے روز وکلاء کے پُرامن جلوس پر غنڈوں نے فائرنگ کی اور چاقوؤں، اینٹوں، روڑوں سے حملہ کر دیا جس سے آٹھ وکلاء زخمی ہو گئے۔ وکلاء نے طلباء کی حمایت میں پھر جلوس نکالا تھا۔ گورنر پنجاب ملک غلام مصطفٰے کھر نے اعتراف کیا ہے کہ پولیس کو وکلاء پر حملہ کے منصوبہ کا قبل از وقت پتہ چل گیا تھا لیکن وہ وکلاء کی حفاظت کرنے میں ناکام رہی۔ ایک سرکاری پریس نوٹ کے مطابق بُدھ کے روز طلباء نسبتاً پُرامن رہے البتہ بعض غنڈوں اور سماج دشمن عناصر نے صورت حال سے فائدہ اُٹھانے کی کوشش کی۔ صوبائی گورنر نے غنڈوں کا قلع قمع کرنے کا حکم دے دیا ہے اور وکلاء پر حملہ کی تحقیقات کی ہدایات جاری کرتے ہوئے یقین دلایا ہے کہ حملہ آوروں کو کیفرِ کردار تک پہنچانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا اور اس امر کا ہرگز لحاظ نہیں کیا جائے گا کہ وہ کس سیاسی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں۔ گورنر کی توجہ اس شکایت کی طرف مبذول کرائی گئی تھی کہ وکلاء پر حملہ کرنے والوں میں پیپلز پارٹی کے کارکن بھی شامل تھے۔

وکلاء معاشرے کے باشعور اور پڑھے لکھے طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کے بارے میں یہ تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کہ وہ قانون شکنی کے مرتکب ہو سکتے ہیں۔ ان کا جلوس انتہائی پُرامن بلکہ خاموش تھا اور انہوں نے قانون کے تقاضوں کو پوری طرح ملحوظ رکھا تھا۔ ان کے تشدد و لاقانونیت اور غنڈہ گردی کا نشانہ بننے کے واقعہ کی ہر شہری مذمت ہی کرے گا۔ یہ انتہائی افسوسناک بات ہے کہ پولیس حملہ کے منصوبہ سے قبل از وقت آگاہ ہونے کے باوجود اس خاموش، پُرامن اور باوقار جلوس کی حفاظت کرنے میں ناکام رہی ہے۔ یہ پولیس کی بڑی زیادتی ہے اور اب جبکہ وکلاء پر حملہ کے افسوسناک واقعہ کی تحقیقات کا اہتمام ہو رہا ہے تو اس بات کا بھی پتہ چلانا چاہیئے کہ وہ کیا حالات تھے جن کے پیشِ نظر پولیس پیش از وقت باخبر ہونے کے باوجود غنڈوں کے خلاف کارروائی نہ کر سکی۔

نام نہاد بنگلہ دیش کے ضمن میں طلباء کی سہ روزہ جد و جہد کے دوران یہ حقیقت بھی کھل کر سامنے آ گئی ہے کہ طلباء نے بڑی ہوشمندی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا اور کسی جگہ بھی قومی و نجی املاک کو نقصان پہنچانے کی کوشش نہیں کی اور اپنی تمامتر سرگرمیاں "بنگلہ دیش" کے مسئلہ پر اپنے جذبات کے اظہار تک محدود رکھیں البتہ جب پولیس نے انہیں آنسو گیس، لاٹھی چارج وغیرہ کا نشانہ بنانا شروع کیا تو وہ بھی مشتعل ہو گئے اور ان کا یہ اشتعال بھی پولیس کے خلاف ہی رہا۔ طلباء جہاں اپنی اس ذمہ داری کے لیے شاباش کے مستحق ہیں وہاں پولیس کی یہ کمزوری بھی سامنے آئی ہے کہ جب غنڈہ اور سماج دشمن عناصر نے انار کلی اور بعض دوسرے علاقوں میں اودھم مچایا تو پولیس ان کا محاسبہ کرنے میں ناکام ثابت ہوئی۔ عام زندگی میں بھی اس سلسلہ میں پولیس کا ریکارڈ چنداں قابلِ تحسین نہیں۔ ہنگامی صورت حال میں بھی وہ غنڈہ گردی اور توڑ پھوڑ کا خاموشی سے تماشا دیکھنے کے سوا کچھ نہ کر سکی تعجب کی بات ہے۔

بشکریہ: نوائے وقت

تری صراحی سے قطرہ قطرہ نئے حوادث ٹپک رہے ہیں

وہ مثل تو آپ نے سنی ہو گی کہ بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ۔ اور چھوٹے میاں سبحان اللہ اس طرح ہوتے ہیں کہ انہوں نے کرسی تک پہنچ کر اتنا بھی کبھی چھوڑ کر کوئی تو آپ نے سنا ہی ہو گا مگر انہوں نے تو جاری اور آپ کی قبر پھاڑ کر صدا نکالی ہے۔ "فرماتے ہیں" برصغیر کو غیر فوجی علاقہ قرار دے کر یہاں پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، ایران اور افغانستان کا مشترکہ نظام قائم کیا جائے۔" بڑے میاں بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی مہم میں جس راز کو اب تک اپنوں سے بھی چھپائے ہوئے ہیں، چھوٹے میاں نے ایک ہی جست میں اس سے عشق کا سارا مرحلہ طے کر لیا ہے۔ قارئین جسارت کو یاد ہو گا کہ سب سے پہلے جسارت نے یہ انکشاف کیا تھا کہ روس اور امریکہ دونوں کے سامنے متحدہ برصغیر کا ایک خاکہ ہے جس میں وہ اپنے اپنے طور پر رنگ بھرنا چاہتے ہیں لیکن پاکستان میں جو عناصر پچھلے چار سال کی سازشوں اور منصوبہ بندیوں کے تحت ابھر کر سامنے آئے ہیں وہ روسی منصوبے کے لئے کام کر رہے ہیں چنانچہ جسارت میں ایسے مضامین، اداریے اور خبریں ایک زمانے میں سارے ملک کو چونکا گئی تھیں کہ ہندوستان، پاکستان، بنگلہ دیش اور افغانستان وغیرہ پر مشتمل ایک کنفیڈریشن کے لئے کام کیا جا رہا ہے جس کو برصغیر جنوب مشرقی ایشیا کا نام دیا جائے گا۔ اور شاید قارئین کو یہ بھی یاد ہو گا کہ اس کی تردید حکومت کی طرف سے بار بار کی گئی تھی اور بعض عناصر نے وقتی طور پر دم سادھ لیا تھا۔ لیکن مدت گزرنے کے ساتھ ہی گورنر بلوچستان جناب غوث بخش بزنجو کو یہ موقع مل گیا کہ وہ سینہ ٹھونک کر پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، ایران اور افغانستان کا مشترکہ نظام قائم کرنے کا اعلان کر سکیں۔ اس اعلان کو چھپے ہوئے ایک ہفتہ گزر چکا ہے مگر ابھی تک حکومت نے اس کی تردید یا وضاحت کی ضرورت نہیں سمجھی ہے جس کے معنی صرف یہی نکلتے ہیں کہ بڑے میاں کے دل میں بھی وہی چور بیٹھا ہوا ہے جس کو چھوٹے میاں نے موقعہ دیکھ کر پوری قوم پر مسلط کر دیا ہے۔

بزنجو صاحب کے اس اعلان سے جہاں ہمیں پاکستان دشمن عناصر کی اس تکنیک کا علم ہوتا ہے کہ وہ پاکستان کو ختم کرنے کی بڑی سے بڑی سازش کو پہلے کسی غیر اہم بیان میں ٹسٹ کر کے دیکھتے ہیں اور تھوڑے دنوں بعد سینہ ٹھونک کر اس کو اپنا منشور اور لائحہ عمل بنا لیتے ہیں۔ دوسری طرف یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ اس وقت پاکستان کے اقتدار پر قابض ایسے عناصر اپنی انتہائی شقاوت کے ساتھ پاکستان کو ختم کر دینے کے عمل میں مصروف ہیں کہ جنہوں نے نہ اس ملک کے قیام میں کوئی حصہ لیا تھا، نہ وہ اس کے قیام سے متفق تھے اور نہ آج تک انہوں نے پاکستان کے الگ وجود کو پاکستان میں رہتے ہوئے قبول ہی کیا ہے۔ اس کا صاف اور سیدھا ثبوت بزنجو صاحب کے اس نعرے سے مل سکتا ہے جس میں انہوں نے پوری سینہ زوری کے ساتھ ارشاد فرمایا ہے کہ "بھارت پاکستان سے جلد معاملات طے کرے ورنہ رجعت پسند قوتیں ابھر آئیں گی۔" یہ تو اب ہم دیکھیں گے کہ پاکستان کو ختم کرنے کے لئے بھارت سے ملاپ کس دیدہ دلیری سے آگے جا رہا ہے لیکن اصل چیز اس ذہن کو دیکھنا ہے جو بھارت سے یہ بات کہہ کر ظاہر کرنا چاہتا ہے کہ ملک کی تقسیم رجعت پسندوں نے کرائی تھی، پاکستان کا قیام رجعت پسندوں کی کاوشوں کا نتیجہ تھا اور اب جبکہ ان کے خیال سے پاکستان اپنی آخری سانسیں لے رہا ہے تو انہیں پھر یہ اندیشہ ستا رہا ہے کہ کہیں پاکستان کو قائم کرنے والی رجعت پسند قوتیں "پاکستان کی حفاظت کے لئے دوبارہ نہ اٹھ کھڑی ہوں۔ اہل پاکستان کو شاید یہ بات نہ بھولی ہو گی کہ برصغیر کی تقسیم کو اور پاکستان کے قیام کو رجعت پسند قوتوں کا عمل قرار دینے میں اس روسی ٹولے کا ہمیشہ ہاتھ رہا ہے کہ جس نے ہندوستان کی طرح کبھی پاکستان کو قبول کر کے نہیں دیا۔ آج روسی ٹکٹ حلالوں کا یہ ٹولہ اس کے اقتدار پر قابض ہو کر اسے ٹھکانے لگانے کے لئے جس دیدہ دلیری سے سرگرم ہے، اس کا اندازہ شاید مشرقی پاکستان کو کھونے کے بعد پنجاب، سرحد، بلوچستان اور سندھ کے عوام کو اب تک نہیں ہو سکا ہے۔ اس کے ساتھ یہ بھی یاد رکھئے کہ برصغیر جنوب مشرقی ایشیا کا منصوبہ بھی دراصل روسی منصوبہ ہے جو کہ گورنر بلوچستان نے اپنے تمام عزائم کو بے نقاب کر کے بالآخر اس کا اپنی منزل قرار ہی دے دیا ہے۔

سیاہ حاشیئے

(نعمان تاثیر)

جناب غوث بخش بزنجو صاحب نے اپنے اس بیان میں جن چیزوں کی نقاب کشائی کی ہے ان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ جو چیز حاصل کرنا چاہتے ہیں سوائے پاکستان کی علیحدہ حیثیت اور اس کی سالمیت کے، چنانچہ ان کی دلیل دیکھئے کہ وہ فرماتے ہیں "حقیقت یہ ہے کہ ان صوبوں ہی نے پاکستان کو جنم دیا ہے، پاکستان نے ان صوبوں کو جنم نہیں دیا۔" یہ بات کہتے ہوئے پاکستان دشمن ذہن نے یہ نہیں سوچا کہ اگر صوبے ہی اصل بنیاد ہوتے جس کو بزنجو صاحب نے "تاریخی" کہا ہے تو پھر ان کو ہندوستان سے الگ کر کے ایک نیا ملک بنانے کی کوئی ضرورت نہیں تھی، کیونکہ پاکستان صرف سرحد، پنجاب، بلوچستان اور سندھ کے صوبوں کی خواہش کا نتیجہ نہیں تھا، بلکہ پاکستان کے قیام میں یوپی، سی پی، بہار، بنگال اور دکن کے ان کروڑوں مسلمانوں کا سب سے زیادہ حصہ ہے کہ جنہوں نے پاکستان کے قیام کے لئے ان صوبوں سے زیادہ طویل جنگ کی اور اپنا سب کچھ قربان کر کے پاکستان کے قیام کے لئے مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جمع ہو گئے۔ یہ بات ایک کانگریسی اور کمیونسٹ اور لادین ذہن اسی طرح نہیں سمجھ سکتا جس طرح اس نے تحریک پاکستان کے زمانے میں بھی سمجھ کر نہیں دیا تھا کہ پاکستان کی بنیاد جغرافیہ پر نہیں بلکہ تاریخ پر ہے۔ اور تاریخ ہی پاکستان کے قیام میں وہ واحد بنیاد ہے جس کی بنا پر اسے ساری دنیا میں ایک منفرد حیثیت حاصل ہے۔

یہ کیا غضب ہے کہ آج پاکستان کی قسمت کا فیصلہ وہ اذہان کر رہے ہیں کہ جن کا لمحہ لمحہ پاکستان کے خلاف اور روسی اور بھارتی عزائم کے زیر سایہ پروان چڑھا ہے۔ اگر ان عناصر کے عزائم کو اب بھی پاکستان کے عوام نے نہ پہچانا تو وہ یہ اچھی طرح سمجھ لیں۔

ہماری داستاں تک بھی نہ ہو گی داستانوں میں

غزل

چاہتے ہیں وہ کریں مامورِ دربانی مجھے
دیکھتے آئے ہیں جو کرتے جہانبانی مجھے
غیر کی جور و جفا سے میں ہوا کب منفعل
جاں بلب تو کر گئی ذہنوں کی نادانی مجھے
میرے معمار ہی محافظ بن گئے میرے نقیض
ورنہ کب منظور تھی یہ خانہ ویرانی مجھے
میں پیمبر امن کا تھا نور تھا میرا وجود
کور بینی کیا دیکھتی دنیا نہ پہچانی مجھے
دامِ تزویرِ عدو میں آ گیا شیخِ حرم
کر دیا ذلت نے وقفِ پشیمانی مجھے
حسرتیں میری ہوئی جاتی ہیں پابندِ سخن
نالہ و زاری ہیں طوقِ غزلخوانی مجھے

گوہر قریشی

غزل

دل کا لہو ہے آنکھ کے اندر رچا ہُوا
پھر بھی ہے غم کی دھوپ سے کندن بنا ہُوا
آیا نہ راس مجھ کو مری زیست کا شجر
مجھ پر نہ آج تک ہرا سایہ گھنا ہُوا
گر وہ نہیں تو اُس کے تصور سے بات کر
کب تک رہے گا گھر میں تنہا پڑا ہُوا
وہ بھیڑ ہے کہ جس سے نکلنا محال ہے
تنہائیوں کا گھر میں ہے میلہ لگا ہُوا
کل رات آندھیوں نے برہنہ کیا اُسے
اِک پیڑ تھا جو صحن میں تنہا کھڑا ہُوا
یہ دوستوں کی بزم ہے آنا بہ احتیاط
اِک ایک آستیں میں ہے خنجر چھپا ہُوا
اِک تُو کہ میرے شہر میں آباد ہر طرح
اِک میں کہ تیرے شہر میں بے گھر پڑا ہُوا
جوشِ جنوں میں اتنی خبر بھی نہیں مجھے
دامن تلک آ گیا ہے گریباں پھٹا ہُوا
پھر دھول چھٹ رہی ہے دریچوں سے ذہن کے
کچھ یاد آ رہا ہے مجھے بھولتا ہُوا
صدیوں سے کر رہا ہوں میں انسان کی تلاش
حد سے گزر گیا ہوں اسے ڈھونڈتا ہُوا
کہہ دے گا میرے قتل کی عاجز وہ داستاں
دامن پہ اُن کے خون کا دھبہ لگا ہُوا

اوراقِ پریشان

شبیر احمد خان خاموش

کیا ہم دوسروں کے عیوب بیان کر کے "عوام" کو اپنے فضائل اور خوبیوں کے لئے قصیدہ خواں بنا سکتے ہیں اس کی کیا ضمانت ہے کہ آنے والی دوسری حکومت ہمیں بھی سابقہ حکومتوں کی فہرست میں داخل نہ کرے گی؟

بنگلہ دیش کے تازہ پرچم میں بقول مظہر علی خان ایڈیٹر ڈان جو ابھی ڈھاکہ سے تشریف لائے ہیں، "کہیں آپ کو چاند و ستارہ نظر نہیں آ رہا ہے۔ لیکن اس کی جگہ اب سبز رنگ نے لے لی ہے۔" اور یوں بھی وہ حکومت ایک غیر مذہبی حکومت ہے دوران گفتگو آئین کے افتتاح کی تاریخ بھی مقرر ہو گئی ہے یعنی ۲۶ مارچ کو گزشتہ جنگ دسمبر میں پاکستان کی بہادر افواج کو اپنے ملک کی سرزمین مشرقی پاکستان میں بھارتی جارحیت اور عوامی لیگ کے غدار عناصر کے سامنے ہتھیار ڈالنے پر مرکزی حکومت کی غلط اور بد دیانت قیادت نے مجبور کر دیا تھا۔ اس بنگلہ دیش کو آج مسلم بنگال کہہ کر مسلمانوں کے آگے اسے ایک آزاد مسلمان ملک کی حیثیت میں پیش کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کیا مسلمانوں کے ساتھ یہ دوستی ہے۔ یا ایک فریب ہے۔ کیا بنگلہ دیش اپنے آپ کو آج مسلم بنگال کہہ رہا ہے اور کیا وہ اسے پسند کرتا ہے کہ ہم اس سے تعلقات اس بنا پر قائم کریں کہ وہ مسلم بنگال ہے۔

بھارت اور روس نے مشرقی پاکستان کو بنگلہ دیش کی صورت اس لئے بخشی ہے کہ جنوب ایشیا میں انڈونیشیا اور دیگر اسلامی ممالک کے ساتھ ساتھ ایک اور آزاد مسلمان ملک بھی دنیا کے نقشہ پر ابھر سکے۔

دشمن ممالک میں باہمی باعزت سمجھوتہ اور معاہدہ ہو سکتا ہے۔

اور ایسے معاہدہ کی مثالیں ہمیں تاریخ کے اوراق میں ملتی ہیں۔

مگر ملک اور قوم کے جس علاقہ اور حصہ نے اپنے ہی ملک اور قوم سے غداری کی ہو۔ اس نئے ملک سے، اس ملک اور قوم کے سمجھوتہ اور معاہدہ کی مثال تاریخ کے اوراق میں ہمیں کہیں نہیں ملتی۔

پاکستان سے خطاب کرتے ہوئے۔ آج ڈاکٹر مالک سابق گورنر مشرقی پاکستان کی زبان پر یہ شعر ہے

بجرمِ عشق تو ام میکشند غوغائے ایست
تو نیز بر سرِ بام آ کہ خوش تماشائے ایست

پاکستان اس اعتبار سے دنیا میں ایک منفرد ملک ہے۔ کہ جس نے آج تک اپنے کسی غدار کو کوئی سزا نہیں دی بلکہ اس کے برعکس اس غدار کی پرورش کی ہے۔ اور اسے عوام کے غیظ و غضب سے بچائے رکھنے کے لئے محفوظ مقامات میں چھپائے رکھا ہے اور اس کی تمام ضروریات کو پورا کیا ہے۔

مگر بنگلہ دیش میں شیخ مجیب الرحمٰن کی حکومت نے اپنے دس ماہ کے دورِ حکومت [illegible] مقدمہ کی سماعت کے بعد، ایک کنگ ٹریبونل نے ملزم کو اس کے وکیل کی خدمات سے محروم رکھتے ہوئے پاکستان سے وفاداری کے جرم میں عمر قید کی سزا دے دی۔ کیا اس ملک میں پاکستان سے وفاداری غداری ہے اور پاکستان سے غداری وفاداری ہے۔

پاکستان نے جو آج تک غداروں کو سزا نہیں دی کیا اس کی وجہ یہ ہے کہ اس ملک میں غداری کے جراثیم کو زندہ و تابندہ رکھنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ تاکہ غداروں کی نسل کا سلسلہ دیر تک جاری رہے۔ اور "غدار" اپنا وقت آرام سے گزار سکے۔ حسن سلوک کا یہ سلسلہ کہاں تک ملک کی سالمیت اور بقا کا ضامن ہو سکتا ہے۔

چین اور جاپان دو قدیم دشمن ممالک میں دوستی اور معاہدہ ہو سکتا ہے۔ مشرقی جرمنی اور مغربی جرمنی میں نظریاتی اختلافات کے باوجود۔ معاہدہ اور حسن سلوک قائم ہو سکتا ہے۔ مگر نہ پاکستان چین ہے۔ اور نہ بنگلہ دیش جاپان ہے چین جاپان کی غداری کی پیداوار نہیں ہے۔ اور نہ جاپان چین کی غداری کی ——— پیداوار ہے۔ مگر بنگلہ دیش تو غداری کی پیداوار ہے۔

ملک اور قوم صرف روٹی، کپڑا اور مکان ہی کا نام نہیں ہے۔ عزت نفس، خودداری، اور غیرت قوم کے صحیح اور موثر اجزائے ترکیبی ہیں۔ کیا ان اجزاء کے بغیر کبھی دنیا نے کسی قوم کو زندہ رہنے کی اجازت دی ہے؟

کیا شیخ مجیب الرحمٰن وزیر اعظم بنگلہ دیش وہ بزرگ نہیں ہیں۔ جن پر دو مرتبہ پاکستان سے غداری کے جرم میں مقدمات قائم ہوئے۔ مقدمات کی سماعت بھی ہوئی۔ اور کارروائی کی تکمیل بھی ہوئی۔ مگر جب سزا کا موقع آیا تو بعض عناصر نے ایک ایسا سماں ان کی مدافعت کے حمایت کی کہ حکومت کو مجبوراً پاکستان کے اس حقیقی دشمن کو آزاد کرنا پڑا۔ آخری مقدمہ میں ٹریبونل نے پھانسی کی سزا تجویز بھی کر دی تھی۔ لیکن بحیثیت تمام اسے بنگلہ دیش میں جانے کا موقع دیا گیا کہ وہ محب وطن پاکستانیوں پر پاکستان سے وفا اور تعاون کے جرم میں سزائیں تجویز کرے!

ہمارے ملک کی سیاست کی یہ کیا عجیب رسم ہے کہ جو حکومت بھی آتی ہے وہ سابقہ حکومتوں کو تمام برائیوں کا ذمہ دار ٹھہراتی ہے اور سابقہ حکومتوں کے کھنڈرات پر نئے نئے محلوں کی تعمیر کے منصوبے تیار کرتی ہے مگر اس اقتباس سے پاکستان کی گزشتہ ۲۵ سال کی تاریخ مرتب کی جائے تو پاکستان کی پوری تاریخ ایک تاریک تاریخ بن جاتی ہے

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو
کینیڈا

جلد نمبر | | ار جنوری ۱۹۷۳ء

فوجی طیارہ تباہ ہوگیا

۳۳ افراد جاں بحق

طیارے کا ڈھانچہ گلگت سے سو میل دور نو ہزار فٹ بلند برفپوش پہاڑی جنگل میں پڑا ہے

دشوار گذار راستہ اور خراب موسم کی وجہ سے امدادی پارٹیاں جائے حادثہ پر نہ پہنچ سکیں

طیارے کے مسافروں اور عملہ میں سے کوئی زندہ نہیں بچا ؛ مقامی ملیشیا کی اطلاع

پشاور ۱۰ر دسمبر (پ پ) کل پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کا جو فوکر فرینڈشپ طیارہ گلگت سکردو اور راولپنڈی کی پرواز کے دوران لاپتہ ہوگیا تھا۔ آج اس کا ڈھانچہ گلگت سے ایک سو میل کے فاصلے پر تلاش کرلیا گیا۔ طیارے میں سوار تمام کے تمام ۳۳ افراد جاں بحق ہوگئے ہیں۔ سیدو شریف سے جاری ہونے والے ایک سرکاری اعلان کے مطابق طیارے کا یہ حادثہ اس قبائلی علاقے میں ہوا جو ضلع ہزارہ کے انتہائی شمالی حصے میں ہے اور سیدو شریف سے تقریباً ڈیڑھ سو میل کے فاصلے پر ہے۔ ان ذرائع کا کہنا ہے کہ قبائلی علاقے کے اس مشرقی حصے کے مقام کمیلا سے جو ضلع سوات کے نزدیک ہے اور سیدو شریف سے ۱۲۰ میل دور ہے ملیشیا کی چیک پوسٹ والوں نے تصدیق کردی ہے کہ طیارے میں سوار تمام افراد لقمہ اجل ہوگئے تھے۔

ملیشیا کی چوکی والوں نے اپنی آنکھوں سے اس بدنصیب طیارے کو ہزارہ کے علاقے میں کوئی میں گیلا نذر گرتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ اطلاع سوات پولیس کو پہنچا دی گئی جس نے فوراً حکام کو بھی آگاہ کردیا۔ ڈی آئی جی پولیس صوبہ سرحد یہ اطلاع ملتے ہی آج صبح سویرے ہزارہ روانہ ہوگئے۔ کمیلا چیک پوسٹ کی ملیشیا والوں کے مطابق وہ جائے حادثہ تباہ شدہ طیارے تک پہنچنے میں کامیاب ہوگئے ہیں اور تفتیش اور طیارے کا ملبہ محفوظ مقام تک پہنچانے کے لئے تیزی سے ریسکیو کر رہے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ طیارہ ایک ایسے جنگل میں گر کر تباہ ہوا جس کے نزدیک کوئی سڑک وغیرہ نہیں ہے۔

پی آئی اے راولپنڈی کے ایک ترجمان کے مطابق پاک فوج اور پاک فضائیہ کی سرتوڑ کوششوں کے نتیجے میں تباہ شدہ فوکر فرینڈشپ طیارے کا ملبہ شہری پرواز کے ایک میل کے فاصلے پر ۹ ہزار فٹ بلند برف پوش پہاڑی جنگل میں جالکوٹ سے ۳ میل جنوب کی طرف جو وادی سندھ والا سڑک پر واقع ہے موضع سیدان کے اوپر دیکھا گیا ہے۔ موضع سیدان کے بعض لوگ جو جائے حادثہ تک پہنچ گئے تھے بتاتے ہیں کہ طیارے کا کوئی مسافر یا ہوا باز زندہ نہ بچ سکا۔ حادثہ کی جگہ پر پہنچ کر امدادی کام ناممکن نظر آرہا ہے۔

پاک فضائیہ کے شاہینوں نے
جنگی صلاحیت اور فنی مہارت کا باکمال مظاہرہ کیا

ہوا بازوں نے ٹھیک ٹھیک نشانے لگائے

صدر بھٹو کی طرف سے فضائیہ کی صلاحیتوں کا شاندار اعتراف

ایئر مارشل ظفر چوہدری

پشاور ۹ر دسمبر (پ پ) صدر مملکت مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے آج یہاں فائرنگ رینج میں پاک فضائیہ کے شاہینوں کی جنگی صلاحیت اور فنی مہارت کا مظاہرہ دیکھا۔ یہ مظاہرہ موسم کی خرابی کے باعث ایک گھنٹہ تاخیر سے شروع ہوا اور پروگرام بھی بارش شروع ہوجانے سے مختصر کردیا گیا تاہم بدترین موسم میں بہترین مظاہرہ ہمارے جانبازوں کی مہارت اور زندہ علامت تھا۔ موسم کے ابر آلود ہونے کے باوجود ہمارے شاہینوں نے ٹھیک ٹھیک نشانے لگائے اور انتہائی بلندی اور نہایت پیچیدہ پروازیں انتہائی چابکدستی سے انجام دیں۔ مظاہرہ دیکھنے کے لئے صدر مملکت بری افواج کے چیف آف اسٹاف جنرل ٹکا خان، اعلیٰ سول و فوجی حکام اور سفارتی نمائندوں کے علاوہ ہزاروں افراد موجود تھے۔ صدر کی صاحبزادی مس بے نظیر اور صاحبزادے مرتضیٰ بھٹو بھی موجود تھے۔

سابق صدر ایوب کے صاحبزادوں کی چھان بین

راولپنڈی ۹ر دسمبر سابق صدر ایوب کے بیٹوں اور رشتہ داروں کے خلاف ناجائز ذرائع سے دولت حاصل کرنے کے الزامات کی تحقیقات کا کام شروع ہوچکا ہے۔ ایک اطلاع کے مطابق اسپیشل پولیس صدر ایوب کے دس سالہ دور حکومت میں ان کے بیٹوں اور عزیزوں کی طرف سے دولت حاصل کرنے کے لئے ناجائز ذرائع استعمال کرنے کے معاملے کی تحقیقات میں مصروف ہے۔ پتہ چلا ہے کہ سابق صدر ایوب کے صاحبزادوں نے دور ایوبی میں تجارتی دنیا میں اہم مقام حاصل کرلیا تھا اور دیگر رشتہ داروں نے روٹ پرمٹ حاصل کرکے بے پناہ منافع کمانا شروع کردیا تھا۔ یہ روٹ پرمٹ صوبائی حکومتوں کی طرف سے جاری کئے گئے تھے اور جب صدر ایوب کا اقتدار متزلزل ہونے لگا تو ان کے صاحبزادے نے کاروبار سے ہاتھ اٹھانا شروع کردیا۔ معلوم ہوا ہے کہ اسپیشل پولیس ان ذرائع کا پتہ لگانے کی کوشش کرے گی جس کے ذریعہ ان لوگوں نے مختصر مدت میں بے پناہ دولت حاصل کی تھی۔ پاکستان کے سابق وزیر خزانہ جو کہ آج کل عالمی بینک سے متعلق ہیں کے متعلق کہا جا رہا ہے کہ انھوں نے صدر ایوب کے صاحبزادے کو ناجائز طور پر دولت کے حصول میں مدد دی تھی۔

پنجاب کی شوگر ملوں پر پولیس کا پہرہ

لاہور ۹ر دسمبر (اے پی پی) صوبائی وزیر خوراک نے بتایا کہ صوبے کے تمام شوگر ملوں پر پولیس کا پہرہ لگا دیا گیا ہے تاکہ چینی حکومت کے سوا کسی اور کے حوالہ نہ کی جاسکے۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے بتایا کہ چینی کی فروخت کے وہ تمام سودے جن میں چینی ابھی حوالے نہیں کی گئی تھی منسوخ کر دیئے گئے ہیں اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنے ضلعوں سے چینی باہر لیجانے پر پابندی لگا دیں۔

بلوچستان کے شورش پسندوں کو مرکزی وزراء کی پشت پناہی حاصل تھی

جلسوں میں رائے معلوم کرنے کا انوکھا طریقہ انتشار انگیز ہے، غوث بخش بزنجو

راولپنڈی ۹ر دسمبر (نیڈ یونائی نمائندہ جنگ) گورنر بلوچستان میر غوث بخش بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان کے خلاف پٹ فیڈر میں ہونے والی گڑبڑ مفاد پرست عناصر نے کی تھی جنہیں بعض مرکزی وزراء کی پشت پناہی حاصل تھی۔ انہوں نے یہاں نمائندہ جنگ سے خصوصی انٹرویو میں کہا کہ اب بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال پوری طرح قابو میں ہے۔ انھوں نے کہا کہ جب سے بلوچستان میں نیشنل عوامی پارٹی کی حکومت قائم ہوئی ہے یہ مفاد پرست لوگ اسی فکر میں ہیں کہ کوئی موقعہ پاکر وہاں ایسے حالات پیدا کئے جائیں جس سے مرکزی حکومت کے لئے مداخلت کرنے کا جواز پیدا ہو۔ حالیہ واقعات اتنے سنگین نہیں تھے جتنا کہ انھیں اچھالا گیا ہے۔ واقعات کی نسبت پریس رپورٹ کے بیانات اور سرکاری ترجمان زیادہ سرگرم عمل تھے۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی وزیر مسٹر رفیع رضا کی طرف سے بلوچستان کی حکومت کے مستعفی ہونے کا مطالبہ میرے نزدیک انتہائی غیر ذمہ دارانہ ہے۔

فوجوں کی واپسی

بدھ تک مکمل ہوجائے گی

راولپنڈی ۱۰ر دسمبر (اے پ پ) آج یہاں ایک فوجی ترجمان نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کی بری افواج کے سربراہوں کے سمجھوتے کے تحت جموں اور کشمیر میں متفقہ کنٹرول لائن کے مطابق پوزیشنوں میں ردوبدل کا کام شروع ہوچکا ہے اور فوجوں کی واپسی کے لئے تیاریاں کی جارہی ہیں۔ کنٹرول لائن اور سرحد کے ساتھ ساتھ دونوں طرف کے کمانڈروں کی میٹنگ ہوچکی ہے اور طریقہ کار کے متفقہ بنیادی ضوابط کے مطابق پوزیشنوں میں ردوبدل اور فوجوں کی واپسی کی تفصیلات کو آخری شکل دی جارہی ہے۔ فریقین کے درمیان یہ طے ہوگیا ہے کہ جموں اور کشمیر میں پوزیشنوں میں ردوبدل ۱۲ر دسمبر تک مکمل ہوجائے گا اور ۲۰ر دسمبر تک ایک دوسرے کے علاقے سے فوجیں واپس چلی جائیں گی۔

یوگنڈا میں سینکڑوں افراد کا قبول اسلام

لندن ۱۰ر دسمبر (ایڈ یورپورٹ) ریڈیو کمپالا کے مطابق یوگنڈا کے جنوبی علاقے میں تنزانیہ کی سرحد کے قریب منعقدہ ایک تقریب میں ۲۰۰ افراد مشرف بہ اسلام ہوئے۔ ریڈیو کمپالا نے یہ بھی بتایا ہے کہ یوگنڈا کے عوام کے لئے ایک اسلامی مرکز بھی قائم کیا گیا ہے۔

SUBSCRIBE TO "VOICE OF PAKISTAN"
Subscription for ONE YEAR $5 only
Send your cheque to:—
FRIENDS OF PAKISTAN
POST BOX:303; STATION 'D'
TORONTO (ONT.) CANADA

Name ....
Phone No. ....
Address ....
....
....